proxylin, proxyline, n. پائروکسیلین ؛ ان مختلف اقسام کے متعدد سیلولوز نائٹریٹوں میں سے کوئی ایک جن میں بارود سے نسبتاً کم تعداد میں نائٹریٹ کے گروہ ہوتے ہیں ، اسے پلاسٹک اور رنگ روغن بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے ـ

pyrrhic, n., a. بروسی رقص ؛ ایک قدیم یونانی جنگی رقص جس میں لڑائی کے کرتبوں کی نقل اتاری جاتی ہے ـ

pyrrhic, dibrach, n. عروضی پد ؛ بحر کا حصہ جس میں دو چھوٹے ہجا ہوتے ہیں ـ (صفت) دو چھوٹے ارکان تہجی پر مشتمل یا دو چھوٹے ارکان تہجی کا ـ

Pyrrhic victory, n. عظیم فتح ؛ درخشاں کامرانی ؛ ایسی فتح جو ایپیرس کے شاہ بروس کو رومنوں پر ۲۷۹ قبل مسیح میں حاصل ہوئی تھی ، جس میں مفتوح کی نسبت فاتح کو زیادہ نقصان اٹھانا پڑا تھا ـ

Pyrrhonism, n. قنوطیت ؛ عالم گیر اشتباہ ؛ شک پرستی ـ

Pyrrhonist, n. قنوطیت پسند ـ

Pyrrhonistic, a. قنوطیت پسندانہ ـ

pyrrhotite, n. چقماقی لوہا ؛ لوہے کا ایک دستی سلفائڈ جو قلموں اور ڈھیروں میں واقع ہوتا ہے جس کا رنگ کانسی جیسا ہوتا ہے ، اس میں دھاتی چمک دمک ہوتی ہے اور اکثر نکل اور عموماً ذرا سا مقناطیس بھی ہوتا ہے ـ

pyrrhuloxia, n. پیرا لوکسیا ؛ جنوب مغربی امریکا اور میکسیکو کا ایک رنگا رنگ بھورا کبیر المنقار (Pyrrhuloxia sinuata) جس کے نر کا سینہ اور کلغی گلابی رنگ کی ہوتی ہے ـ

pyrrole, n. (کیمیا) ایک روغنی رقیق مرکب جس کی بو کلوروفارم جیسی ہوتی ہے ، قدرتی طور پر کلوروفل اور لون صفرا میں پایا جاتا ہے اور تجارتی طور پر کول تار سے کشید کیا جاتا ہے ـ

pyruvic acid, n. (حیاتی کیمیا) پائروِک تیزاب ؛ ہلکے پیلے رنگ کا یا بے رنگ کیٹون جو دوران ہضم میں یا مصنوعی طور پر بنتا ہے ، حیاتی کیمیا کی تحقیق میں استعمال ہوتا ہے ـ

Pythagorean, a. فیثا غورسی ؛ یونانی فلسفی فیثا غورس یا اس کے نظام فلسفہ سے متعلق، جس میں عقیدہ تناسخ الارواح کی تعلیم دی گئی تھی اور سارے فلسفے کو اعدادکے باہمی رشتوں میں سمو یا گیا تھا ـ (اسم) فیثا غورس کا مقلد ـ

Pythagoreanism, n. فیثا غورسیت ـ

python, n. بھوت پریت ؛ پائتھون ؛ اژدہا ؛ ان متعدد اقسام کے بڑے غیر زہریلے قدیم دنیا کے گرم علاقوں میں رہنے والے پائتھون نسل کے سانپوں میں سے کوئی ایک جو شکار کو اپنے جسم سے بھینچ کر یا دبا کر مار ڈالتے تھے ؛ متعدد اقسام کے ہم رشتہ یا ایک دوسرے کے مشابہ سانپوں میں سے کوئی ایک ، جیسے اجگر/مارعظیم ـ (بڑے P سے) یونانی اساطیر میں ایک بہت بڑا سانپ یا ایک مہیب شکل بھوت پریت جس کے متعلق یہ کہانی ہے کہ اپالو نے اسے ڈیلفی کے قریب قتل کیا ؛ کوئی حلول کرنے والی روح یا بھوت پریت یا کوئی ایسا شخص جس پر کوئی روح آتی ہو اور وہ اس کی مدد سے پیش گوئیاں کرے ـ

pythoness, n. غیب گو عورت ؛ کاہنہ ؛ ساحرہ ؛ جادوگرنی عورت جس کے متعلق یہ مفروضہ ہو کہ اس پر کوئی قسمت کا حال بتانے والی روح ، بالخصوص ڈیلفی والی ، اپالو کی پجارن آتی ہے ؛ پیش گوئی کرنے والی عورت ـ

pythonic, a. ملہم ؛ پیش گوئیاں کرنے والا ؛ غیب گو ؛ غیب دان ـ

pyuria, n. (امراضیات) پیشاب میں پیپ کی موجودگی ـ

pyx, n. (کلیسیات) ڈھکا ہوا برتن یا صندوق مقدس ، توشہ رکھنے کے لیے ، بالخصوص ایک گھڑی شکل چیز دان جس میں توشہ رکھ کر بیمار کے پاس لے جایا جائے ؛ ڈبا یا صندوقچہ جس میں نمونے کے سکے برطانوی ٹکسال میں محفوظ رکھے جاتے ہیں ؛ سکے دان ـ

pyxidium, n. (نباتیات) ڈھکنے دار ڈوڈا ؛ بیج دان یا ڈوڈا جس کا ڈھکنا اس طرح کھلے جیسے صندوق کا ڈھکنا ـ

pyxie, n. پِکسی؛ مشرقی امریکا کا ایک اوپر چڑھنے والا ، جھاڑی دار ، سدابہار پودا جس میں لاتعداد چھوٹے چھوٹے ستاروں جیسے پھول کھلتے ہیں ـ

pyxis, n. ڈبیہ ؛ دُرج ؛ صندوقچی ؛ چھوٹا صندوقچہ یا صندوق جیسا برتن جسے یونانی اور رومی دور میں زیورات یا قدیم اشیائے سنگھار رکھنے کے لیے استعمال کیا جاتا تھا ؛ سنگھاردان ـ

Q

Q, q, n. انگریزی حروف تہجی کا سترھواں حرف اور ایک حرف صحیح ؛ عموماً اس کے بعد حرف U ہوتا ہے ، اس کی آواز انگریزی کے لفظ equal اور فرانسیسی سے مستخرج لفظ Con-quer میں KW کی طرح کی ہوتی ہے ؛ لکھائی یا چھپائی کے لیے Q یا q کے نقوش ؛ کوئی چیز جو Q کی شکل کی ہو ؛ وہ آواز جو Q یا q کی طرح ہو ؛ وہ ٹائپ جو Q یا q چھاپتا ہے ـ

Q-Celtic, n., a. قوم گیل کی زبان کا ؛ قوم گیل کا ـ

Q-fever, n. (امراضیات) ایک قسم کا بُخار جس میں پٹھوں میں درد ہوتا ہے اور سردی محسوس ہوتی ہے ، اس بیماری کا سبب ایک جرثومہ رکیٹشیا (rickettsia) ہے ، یہ بیماری مویشیوں اور بھیڑوں کے مس ہونے سے یا کچّا دودھ پینے سے لگتی ہے ـ

qua, adv. [لاطینی] بحیثیت گُنجایش ؛ بلحاظ کِردار ؛ جیسا کہ ؛ جیسے ـ

quack, v.i. قائیں قائیں کرنا ـ (اسم) بطخ کی یا اس سے ملتی جُلتی آواز ـ

quack, n. اتائی ؛ عطائی ؛ نیم حکیم ؛ ایسا شخص جو اپنے کو اس بات کا ماہر یا عالم سمجھے جس کو وہ جانتا ہی نہ ہو ؛ اناڑی ؛ دھوکا باز ؛ خاص طور پر ایسا علاج کرنے والا جو علمِ طِب سے نا واقف ہو ـ (صفت) غیر مُستند ؛ کٹھ بیدی ؛ عطائیوں جیسا کام کرنے والا مثلاً عطائی (طبیب یا ڈاکٹر) ـ (فعل لازم) دھوکا دینا ؛ نیم حکیم

بننا ـ (فعل متعدی) دھوکا دینے والا ـ

quackish, a. اناڑی سا ؛ عطائیوں کی طرح؛ نیم حکیمانہ ـ

quackishly, adv. عطائی انداز سے ؛ نیم حکیمانہ طور پر ـ

quackery, n. ڈینگ ؛ شیخی خوری ؛ لاف و گزاف ؛ عطائی طریقۂ علاج ؛ دغا بازی ؛ عیّاری ؛ خاص طور پر عطائی کی دھوکا دہی ـ

quack grass, quitch, n. دیکھیے : Couchgrass ـ

quack salver, n. اتائی یا عطائی حکیم یا ڈاکٹر ـ

quad, n. [quadrangle کا مرخّم] (بول چال) ایک چوکور میدان یا صحن جیسے کالج کا میدان ـ

quad, n. (طباعت) ٹائپ میں چوکور شکل کی علامت جو جگہ چھوڑنے کے لیے ہوتی ہے ـ (فعل متعدی) ایسی چوکور جگہ چھوڑنا ـ

qaud, n. (بول چال) توام اربع ؛ ایک ساتھ پیدا ہونے والے چار بچّے ؛ چوجڑواں ـ

quad,(Brit.)quod, n. (برطانوی'عوامی) جیل ؛ قید خانہ ـ

quadrangle, n. چوکور ؛ مربع یا مستطیل ؛ ایسی شکل جس کے چار ضلعے اور چار زاویے ہوں ؛ چوگوشہ میدان جو عمارتوں سے گھرا ہوا ہو ؛ عمارتیں جو ایسے میدان کو گھیرے ہوئے ہوں ؛ ریاستہائے متحدہ امریکا کے محکمۂ ارضیات کی طرف سے معیاری زمین کا رقبہ جو اٹلس کے ایک صفحہ پر دکھایا گیا ہو ؛ ذواربعۃُ الزّوایا ؛ چوگوشہ ؛ چوکھونٹا ؛ چوکھنڈی ؛ گھر ؛ چوکور صحن ؛ آنگن ؛ چوپہلو ؛ چوک ـ

quadrangular, a. چوکور شکل میں؛چار ضلعے اور چار زاویے والی شکل ـ

quadrant, n. ربع دائرہ ؛ ایک دائرے کا چوتھائی حصّہ ؛ ایک دائرے کا قوس جو ۹۰ درجے کا زاویہ بناتا ہو ؛ وہ شکل جو اس قوس اور ان دو نصف قطروں سے محصور ہو جو دائرے کے مرکز سے محیط تک کھینچے گئے ہوں ؛ کوئی شکل جو چوتھائی دائرے کی طرح ہو جیسے کسی مشین کا حصّہ ؛ کسی خاکے کا وہ چوتھائی حصّہ جو اس کو دو محوروں سے تقسیم کرنے سے بنا ہو ؛ ایسا آلہ جو بتدریج ۹۰° کا زاویہ بناتا ہو اور زاویہ دار بلندیوں کو ناپنے میں استعمال ہوتا ہو ؛ مزوّلہ ـ

quadrantal, a. مربّع ؛ چوپہلا ؛ ربع دائرہ نُما ؛ جو ربع دائرے کی شکل رکھتا ہو ـ

quadrat, quad, n. مربع ـ (طباعت) فصلیہ ؛ دھات کا ایک موٹا ٹُکڑا جو دھاتی حرفوں کے درمیان ذرا نیچے ٹائپ میں فاصلہ دینے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ، یہ کاغذ پر حروف ، الفاظ اور سطروں کے درمیان سادہ جگہ چھوڑنے کے لیے ہوتا ہے ـ (ماحولیات) ایک قطعۂ زمین جو پودوں اور جانوروں کے متعلق تحقیقات اور مطالعے کے لیے محفوظ کر دیا جائے ؛ مربع مطالعہ ـ

quadrate, a. چوکور ؛ مربع ، مستطیل ـ (حیوانیات) مربع/ چوکور سے متعلق ـ (اسم) مربع ؛ کوئی چیز جو چوکور ہو یا مستطیل کی طرح ہو ؛ عضلۂ مربع ـ (حیوانیات) پرندوں ، مچھلیوں ، رینگنے والے جانوروں اور بعض دوسرے ریڑھ کی ہڈی رکھنے والے جانوروں میں ایک ہڈی یا کرکری ہڈی ، جس سے نیچے والا جبڑا جُڑا ہوا ہوتا ہے ـ (فعل متعدی) تطبیق کرنا ؛ اخذ کرنا ـ (فعل لازم) راضی ہو جانا ؛ مطابقت کرنا ـ

quadratic, a. مربع نما ؛ چوکور کی طرح یا مربع کی شکل کا ـ (الجبرا) دو درجی ؛ ایک غیر معلوم مِقدار کے مربع یا دو درجی طاقت جیسے دو درجی مساوات کے متعلق ـ (اسم) ایک دو درجی مساوات یا کثیرُ الاسما مساوات ـ

quadratically, adv. مربع کی طرح کا بناتے ہوئے ؛دو درجی بناتے ہوئے ـ

quadratics, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) دو درجی الجبرا؛ الجبرا کی وہ شاخ جس میں دو درجی مساوات سے بحث کی جاتی ہے ـ

quadrature, n. (ریاضی) تربیع؛ مربع بنانے کا عمل ـ ایک ایسے مربع کا بنانا جس کا رقبہ ایک دیے ہوئے مسطح کے رقبے کے برابر ہو ،خاص طور پر ایسی سطح جو دائرہ نما ہو ـ (فلکیات) اجرام فلکی کا ایک دوسرے کی نسبت سے وہ محل وقوع جہاں وہ ایک دوسرے سے ۹۰° درجے کے فاصلے پر ہوتے ہیں ـ

quadrennial, a. چار سالہ؛ چار سال کا فاصلہ؛ چار سال میں ایک مرتبہ ـ (اسم) چوبرسی ـ

quadrennially, adv. چو سالہ طریقے سے ـ

quadrennium, n. چار سال کا عرصہ ؛ چہار سال ـ

quadric, a. (ریاضی) دوسرے درجے کی ، خاص طور پر دو سے زیادہ ؛ دو درجی ؛ دو قدری ؛متغیّرات کے افعال کی صورت میں ـ (اسم) دوسرے درجے میں دو یا زائد متغیّرات کا فعل ـ

quadriceps, n. (تشریحُ الاعضا) باسطہ پا ؛ چوسری عَضلہ ؛ ران کے اگلے حصے کا ایک بڑا پٹھا جو پیر کی حرکت (پھیلانے اور سکیڑنے) کو قابو میں رکھتا ہے ـ

quadricipital, a. باسطہ پایا پاؤں پھیلانے یا سُکیڑنے کی حرکت رکھنے والا یا اس سے متعلق ـ

quadrifid, a. چوگوشہ ، چوپہل ؛ چوگوشی ؛ چار ٹکڑوں ، حصّوں یا گوشوں میں تقسیم یا پھٹا ہوا جیسے پھول کی پنکھڑیاں ؛ چوپھانکا ؛ چوشگافہ ؛ چوچیر ـ

quadriga, n. چوکڑی رتھ ؛ ایک دو پہیوں کا رُومی رتھ جس کو ایک ہی قطار میں جُتے ہوئے چار گھوڑے کھینچتے تھے ـ

quadrilateral, a., n. ذُواربعۃُ الاضلاع ؛ چار ضلع والی شکل ؛ چو ضلعی شکل ؛ چوکور ؛ ایک مسطّح شکل جو چار ضلعے اور چار زاویے رکھتی ہو ؛ اس طرح کی بنی ہوئی کوئی چیز ـ (جیومیٹری) ایک چار ضلع والی شکل ؛ چوضلعیہ ؛ ایک مسطح شکل جو چار خطوطِ مستقیم سے بنی ہو اور چھ متقاطع نُقاط رکھتی ہو ؛ وہ جگہ جو چار حفاظتی قلعوں سے گھری ہوئی ہو ـ

quadrilaterally, adv. چوکور کے انداز میں ـ

quadrille, n. چوکڑی ناچ ؛ مربع رقص ؛ ایک رقص جو عام طور پر پانچ کی گنتی یا پانچ حرکات کا ہوتا ہے جسے چار جوڑے پیش کرتے ہیں اور ہر جوڑا مُربّع کا ایک ضلع بناتا ہے ؛ موسیقی کی وہ گت جو ایسے چوکور ناچ کے ساتھ بجائی جاتی ہے ـ

quadrille, n. چوپتّیا ؛ اٹھارویں صدی عیسوی میں رائج تاش کا ایک کھیل جس کو چار آدمی کھیلتے تھے ، یہ چالیس پتّوں سے کھیلا جاتا تھا ـ

quadrillion, n. (ریاضی) ایک پدم ؛ امریکا اور فرانس میں وہ تعداد جس کو ظاہر کرنے کے لیے ایک کے عدد کے بعد ۱۵ صفر لگائے

جائیں جس کو ایک ہزار ٹری لیَن (trillions) کہتے ہیں اور برطانیہ عظمیٰ اور جرمنی میں جس تعداد کو ظاہر کرنے کے لیے ایک کے عدد پر ۲۴ صفر لگائے جائیں یعنی ایک ملین ٹری لیَن (trillions) (اردو میں دس لاکھ سنکھ ۔

quadripartite, a. چہار حصّہ ؛ چار فریقی ؛ جو چار حصّوں میں تقسیم ہو ؛ جس میں چار فریق شامل ہوں ؛ چوخانہ ۔

quadrivalent, terravalent, a., n. (کیمیا) چہار یا چوگرفتہ ؛ چار جوہروں کی قوّت جس میں چار ممکنہ جوہر ہوں ۔

quadrivalence, quadrivalency, n. چوگرفتگی ؛ جوہر اربعی ؛ چوجوہری ۔

quadrivalently, adv. چوجوہری انداز میں یا طریقے سے ۔

quadrivial, a. چوراہا ؛ چہار راہ ؛ جہاں چار سڑکیں ایک جگہ ملتی ہوں ؛ چوک ؛ وہ سڑک یا راستہ جو چار سمتوں میں لے جاتا ہو ۔

quadrivium, n. چوراہے ؛ علوم اربعہ ؛ چہار علمی ۔ (تاریخ) قُرونِ وُسطیٰ میں یونیورسٹی کا نصابِ تعلیم ، جو ریاضی ، موسیقی ، جیومیٹری اور فلکیات پر مشتمل ہوتا تھا ، اس کے لیے مجموعی اصطلاح ، جس نے بعد میں سات آزاد خیال فنون کی ترقی یافتہ شکل اختیار کی ۔

quadroon, n. مخلوط النسل ؛ چوغلا ؛ ایسے ماں باپ کا بچہ جن میں سے ایک خالص سفید فام ہو اور دوسرے میں سفید فام اور سیاہ فام کا خون ملا ہو ؛ ایسا شخص جس کا ایک جد (دادا یا نانا) حبشی ہو ۔

quadrumaneous, a. چوہتہ ؛ چہار دست ؛ چار ہاتھ ؛ چاروں پیروں کو بطور ہاتھوں کے استعمال کرنے والے جیسے بندر/لنگور وغیرہ ؛ دُودھ پلانے والے جانوروں کی ایک ابتدائی نوع/جن کو Quad-rumana کہتے ہیں اور اب وہ نسلِ انسانی کے سلسلے میں شمار ہوتی ہے ۔

quadrumane, n., a. چوہتیا ؛ چہار دستی ۔

quadrumanal, a. چوہتہ ؛ چہار دست ۔

quadrumvirate, n. راج چوکڑی ؛ چار آدمیوں کا ایک ایسا گروہ یا اتّحاد جو بطور مُنتظم یا گورنر برابر کے اختیار رکھتا ہو ۔

quadrumvir, n. راج چوکڑی کا رُکن ۔

quadruped, n. چوپایہ جانور : ایک اصطلاح جو دودھ پلانے والے جل تھلیوں اور کچھ رینگنے والے جانوروں کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔

quadruped, a. چار پیر رکھنے والا ؛ چہار پا ۔

quadrupedal, a. چوپایہ ؛ چار پیر والا ۔

quadruple, a. چوپرتہ ؛ چہارتہ ؛ جس میں چار حصے ہوں ؛ چوگنا ؛ چہارگانہ ۔ (موسیقی) وہ وزن یا ٹھیکہ جس میں بیک وقت چار تالیں ہوں ؛ چوتالا ۔ (اسم) چار گُنا ؛ ایک عدد یا رقم جو دوسری سے چوگنا/چوگُنی ہو ۔ (فعل متعدی) چوگنا بنانا ؛ چار سے ضرب دینا ۔ (فعل لازم) چوگنا ہو جانا ۔

quadruplet, n. چوکا ؛ چار پر مُشتمل کوئی گروہ یا مجموعہ ؛ چار ہم جنسوں میں سے ایک ؛ چار ایسے بچوں میں سے ایک جو ایک ہی ماں سے بیک وقت پیدا ہوئے ہوں ؛ چوتوام ؛ چوجڑواں ۔

quadruplicate, a. چار گُنا ؛ جو چار دفعہ دُہرایا گیا ہو ۔ (اسم) چار یکساں چیزوں میں سے ایک ۔ (فعل متعدی) چوگنا بنانا ؛ چار سے ضرب دینا ۔

quaere, impv. پُوچھنا ؛ دریافت کرنا ؛ سوال کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے یا کوئی بات معلوم کرنے کے لیے جیسے پوچھو کیا یہ بات پوری طرح ثابت ہو گئی ۔ (اسم) سوال یا پرسش ۔

quaestor, questor, n. کواستور ؛ خزانچی ؛ بخشی ؛ منیم ؛ قدیم روما میں ایک مجسٹریٹ کا لقب جو جرائم کے مقدمات میں سزا دیتا تھا ، بعد میں یہ لقب ایسے عہدہ دار کے لیے استعمال کیا جانے لگا جو سرکاری رقوم کا نگران ہوتا تھا ۔

quaff, v.t., v.i. بڑے بڑے گھونٹ لے کر خُوب مزے سے پینا ؛ چسکیاں لے لے کر پینا ؛ چٹخارے لے کر چڑھا جانا ۔ (اسم) مزے لے لے کر پینے کا عمل ؛ مشروب جو استعمال کیا گیا ہو ۔

quaffer, n. چٹخارے یا چُسکیوں سے پینے والا ۔

quag, n. دَلدَل ؛ نرم ، دَلدَلی زمین کا ٹُکڑا ؛ دھنس جانے والی نرم زمین ۔

quagga, n. (حیوانیات) افریقی گورخر ؛ کواگا ؛ جنوبی افریقہ کا دودھ پلانے والا ایک نایاب چوپایہ جو زیبرے سے بہت مِلتا جُلتا ہے لیکن جس کے صِرف سَر ، گردن اور کندھوں پر دھاریاں ہوتی ہیں ۔

quaggy, a. دَلدَلی ؛ دھنسنے والی زمین ، جیسے دلدل / کیچڑ ؛ اسفنجی ؛ نرم یا پلپلا ، تھل تھل ، جیسے گوشت ۔

quagmire, n. دلدل ؛ نرم دلدلی زمین کا ٹکڑا جس میں پیر دھنسے جاتے ہوں ۔ (مجازاً) ایک مسئلہ یا مرحلہ جس کو آسانی سے حل نہ کیا جا سکے ۔

quagmired, quagmiry, a. دلدلی ۔

quahog, quahaug, n. ایک گول سا خوردنی امریکی گھونگھا جو بحر اوقیانوس کے ساحل پر پایا جاتا ہے ؛ سخت کھال کا گھونگھا ؛ گول گھونگھا ۔

quail, n. (طیوریات) بٹیر ؛ سلویٰ ؛ ایک چھوٹی امریکی لال رنگ کی مُرغی کی طرح کا پرندہ ، جس کی کلغی اور گردن سفید ، نُچی سی دم اور تیز سیٹی سی آواز ہوتی ہے ؛ پرانے زمانے کی ایک چھوٹی سی تیتر کی طرح کی بُھوری چڑیا لوا (Coturix) جس کا شکار کیا جاتا ہے اور جس کو اس کی سیٹی کی مانند صاف آواز سے پہچان لیا جاتا ہے ۔

quaillike, a. مانندِ سلویٰ ؛ مثل بٹیر ؛ بٹیر کی طرح ۔

quail, v.i. کانپنا ؛ خطرے یا مُشکل کے وقت ہمّت ہار جانا یا ڈر جانا/دب جانا یا گھبرانا ۔

quaint, a. غیر معمولی ، قدیم الوضع یا تصویر کی طرز کا ہونے کی وجہ سے دلکش اور خوش کُن ؛ وہمی ؛ من موجی ؛ شیخ چلّی ۔

quaintly, adv. نادر یا دلکش طور پر ؛ انوکھے پن سے ۔

quaintness, n. نُدرت ؛ نزاکت ؛ لطافت ؛ عُجب ؛ غُرابت ۔

quake, v.i. ہلانا ، ہلنا ، کانپنا ، لرزنا ، تھرتھرانا (خوف سے) ؛ جھٹکولے/جھٹکے/ہچکولے کھانا (چیزوں کا) ؛ صدمے یا غصے سے کانپنا اور تھرتھرانا ۔ (اسم) کپکپاہٹ ؛ تھرتھراہٹ ؛ زلزلہ ؛ ایک اشتعالی کیفیت ، جذباتی ہیجان ۔

Quaker, n. کوئکر ؛ خائفین ؛ ایک مذہبی فرقہ جس کو

دوستوں کی انجمن یا سوسائٹی کہتے ہیں۔

Quakerish, a.
کوئکر کا یا اس سے متعلق۔

Quakerism, n.
نظریۂ کوئکر۔

Quakerly, adv.
کوئکر فرقے کے انداز میں۔

Quaker gun, n.
قلعے یا جہاز پر نقلی توپ۔

quaker-ladies, n.
لاجوردی ؛ ہوس ٹونیا (Houstonia caerulea) خاندان کا ایک پھول - دیکھیے : bluet۔

Quaker meeting, n.
حلقہ خائفین ؛ کوئکر کا اجلاس ؛ اس فرقے کا مذہبی جلسہ جس میں اس وقت تک خاموشی طاری رہتی ہے جب تک کہ کسی رُکن کو روحانی جذبہ بولنے یا عبادت کرنے پر اُکسا نہ دے ، ایسا اجلاس یا صحبت جس میں بات چیت کا سلسلہ کم اور زیادہ تر خاموشی چھائی رہتی ہو۔

qualification, n.
معیار اہلیّت ؛ شرط قابلیّت ؛ اہلیّت ؛ سند ؛ صداقت نامہ ؛ کسی وصف یا سند حاصل کرنے کا عمل ؛ استعداد جو کسی شخص یا چیز کو اہل بناتی ہے یا موزوں بناتی ہے (کسی جگہ یا عہدے یا ملازمت کے لیے) ؛ ترمیم ؛ شرط ؛ حد بندی/بندش ؛ لازمہ۔

qualified, a.
سندیافتہ ؛ فارغُ التحصیل ؛ قابلیّت رکھنے والا ؛ اہل ؛ ترمیم شدہ ؛ مشرُوط (جیسے : a qualified statement)۔

qualifiedly, adv.
قابلیت سے۔

qualifier, n.
مَتّصِف کرنے والا ؛ وہ جو دوسرے کی تعریف کرتا ہے۔ (گرامر) ایک لفظ ، فقرہ یا جُملہ جو دوسرے لفظ کے معنی کو واضح کرتا ، قدرےبدلتا یا محدود کرتا ہے۔

qualify, v.t.
قابلیّت ، استعداد یا ایسی شرائط پر پورا اُترنا جو کسی مقصد کے لیے ضروری ہوں ؛ کسی جگہ ، عہدے اور پیشے کے لیے موزوں/اہل بنانا ؛ قانونی جواز اور حیثیت فراہم کرنا؛ قانوناً مستحق بنانا جیسے رائے دہی کے لیے لوگوں کو اہل بنانا ؛ کسی کی طرف صفات کو منسوب کرنا ؛ نام دینا/مشخص کرنا/متصِّف کرنا؛ محدود کرنا ؛ ترمیم کرنا ؛ مشرُوط کرنا ؛ مستثنیات کی قید لگانا (جیسے : to qualify a statement) - (گرامر) تغیّر و تبدُّل کرنا ؛ معتدل بنانا ؛ قابل بنانا یا سزاوار بنانا ؛ بیان یا رائے میں ترمیم یا اصلاح کرنا یا اس کی قطعیت کو کمزور کر دینا یا اس کی ہمہ گیری کو کم کر دینا ؛ کسی چیز کو گاڑھا یا پتلا کر کے اپنے ذائقے کے مطابق بنا لینا۔ (فعل لازم) اپنے آپ کو کسی عُہدے یا کسی رعایت کا مستحق/اہل بنانا ؛ کسی کام کرنے کے لیے اپنا حق ثابت کرنا۔ (کھیل) ضروری مہارت کا کسی ابتدائی دوڑ یا مقابلے کے لیے مظاہرہ کرنا۔ (نشانہ بازی) رائفل یا بندوق چلانا تا کہ نشانہ بازی کی مہارت کا تعیُّن کیا جا سکے۔

qualifiable, a.
قابل استناد ؛ قابلِ شرط ؛ اہلیت یا قابلیّت رکھنے والا ؛ اہلیّت پذیر۔

qualitative, a.
کیفی ؛ ماہیتی ؛ نوعی یا نوعیتی ؛ درجۂ عُمدگی کے متعلق ؛ خاصیّت یا کیفیت کے لحاظ سے قابل قدر۔

qualitatively, adv.
خاصیت/کیفیت کا لحاظ کرتے ہوئے۔

qualitative analysis, n.
(کیمیا) تجزیہ یا تحلیل ماہیت ؛ نسبتی تجزیہ ؛ کیفی تجزیہ ؛ کیفی تحلیل ؛ ایک مرکب شے کا تجزیہ کرنے کا طریقۂ کار جس سے یہ معلوم کیا جا سکے کہ اس میں کون کون سے اجزا شامل ہیں۔

quality, n.
ایک اعلیٰ معیار کی پیداوار ؛ معیار ؛ فوقیت ؛ اخلاقی خصوصیت ، اچھی یا بُری ؛ کمال ، قابلیت ، خاص وصف ؛ ایسی اچھائی یا خُوبی جو کسی چیز کو ایسا بنا دے جیسا کہ وہ ہو ؛ ایک ممتاز کرنے والا مَلَکہ/اچھائی ؛ خصوصیت/اضافی صفت ؛ کسی چیز کی معیاری سطح (جیسے : a product of high quality) ؛ دوسروں کی بہ نسبت معاشرے میں بہتر مقام (جیسے : a man of quality)۔ (منطق) کسی مقدمے/قضیّے کا مثبت یا منفی پہلو ؛ ایجابِ قضیہ۔ (صوتیات) آواز/ صوت کے اُتار چڑھاؤ کی مخصوص نوعیت و کیفیت؛خاص طور پر ایک حرف علّت (vowel) کی۔ (موسیقی) آواز کی کیفیت۔

quality control, n.
(کاروبار) معیار قراری ؛ضبط معیار ؛ کوالٹی کنٹرول ؛ ایک مسلسل اور مستقل معائنے کا انتظام جس سے کسی کارخانے میں بنائی جانے والی چیزوں اور ان کے طریقۂ ساخت اور اجزا کا تجزیہ معیاری سطح پر کیا جاتا ہو تا کہ ان کا معیار یکساں اور اچھا رہے۔

qualm, n.
ضمیر کی خلش یا چُبھن ؛ بندش ؛ ضمیر کی آواز ؛ یکایک بے چینی یا گھبراہٹ ؛ دغدغہ ؛ متلی ؛ مالش ؛ دھڑکا ؛ کھٹکا۔

qualmish, a.
متلی زدہ ؛ متلی کا یا متلی پیدا کرنے والا۔

qualmishly, adv.
گھبراہٹ سے۔

qualmishness, n.
گھبراہٹ۔

quamash, camass, n.
کاماش ؛ امریکا کا ایک گنٹھی دار پودا جس کو ریڈ انڈین کھاتے تھے۔

quam proxime, a.
جہاں تک قریب المُمکن ہو ، مُمکنہ حد تک قریب۔

quandary, n
مُعمّا ؛ حیرت ؛ گومگو کا عالم ؛ حیرانی ؛ پریشانی ، تذبذب ، کروں نہ کروں والی کیفیت ؛ شش و پنج ، ایک مشکل/تکلیف دہ یا ناگوار صورت حال۔

quant, n.
(برطانوی) لگّی، ایک ایسا بانس یا بلّی جس کی نوک پر ایک چپٹا لکڑی کا گول ٹکڑا لگا ہوا ہوتا ہے تا کہ وہ کیچڑ میں دھنس نہ جائے ؛ ٹیکا بلّی ؛ یہ بلّی اُتھلے پانی میں ناؤ اور چھوٹی کشتیوں کے چلانے کے لیے بھی استعمال ہوتی ہے۔ (فعل لازم و متعدی) اس خاص قِسم کی بلّی کے زور سے کشتی چلانا یا چلوانا۔

quantal, a.
ان تجرباتی اعداد و شمار سے متعلق جو صرف دو گروہوں میں تقسیم کیے گئے ہوں، جیسے سب یا کوئی نہیں، سوئے ہوئے یا جاگے ہوئے۔

quantic, n.
(ریاضی) کثیر درجی ؛ قدریّت ، متعدّد قدری ؛ ایک ہم نوع کثیر درجی قدریت جو ایک سے زیادہ متغیّر (غیر معیّن مقدار) میں پائی جاتیہو ، عام طور پر کامل اور ناطق دونوں مقداروں پر اس کا اطلاق ہوتا ہے۔

quantifier, v.t.
مقدار ظاہر کرنے والا ؛ تعیّنِ کمیت کرنے والا؛ ایک لفظ جو مقدار کا تعیّن کرے۔ (منطق) ایک بیان جو ایک منطقی مسئلے/قضیّہ کی نوعیت کا اظہار کرے۔

quantify, v.t.
ناپنا ؛ تقدیر یا تعیین کرنا ؛ مقدار کا تعیُّن کرنا۔ (منطق) مقدار کی صراحت کرنا۔

quantifiable, a.
قابل تعیین۔

quantification, n.
تعیین کمیّت ؛ تعیینِ مقدار۔

quantitative, a.
مقداری ، کمیت کا ؛

مقدار کے مطابق قابل اندازہ ہونے والا ؛ وہ اندازہ جو بلحاظ مقدار کیا گیا ہو یا جس کا تعلق (کسی چیز کی) مقدار سے ہو۔ (کلاسیکی عُروض) ارکان ہجا کی حرکت و سکون کی مقدار کو ظاہر کرتے ہوئے یا ان کے متعلق لیکن ان کی صوتی تاکید کے متعلق نہیں۔

quantitatively, adv. مقداری لحاظ سے ؛ کمیت کے اعتبار سے۔

quantitativeness, n. مقداریت ۔

quantitative analysis, n. مقداری تجزیہ (کیمیا) تحلیل یا تجزیۂ کیمیائی؛ ایک مرکب شے کا وہ تجزیاتی/تشریحی عمل جس سے اس شے کی ہر جزو کی مقدار یا شرح فی صد معلوم کی جائے۔

quantity, n. مقدار ؛ کمیّت ؛ کم ؛ وہ خاصیت جس کی بدولت ایک چیز کی مقدار معین کی جاتی ہے ؛ حد ؛ پیمانہ ؛ جسامت ؛ وُسعت ؛ وزن ؛ ناپ ؛ رقم ؛ مجموعہ (جیسے : a quantity of earth)؛ ایک بڑی یا نمایاں مقدار/حِصّہ (جیسے : wheat shipped in quantity)۔ (ریاضی) کوئی چیز جو ضرب/تقسیم کی جا سکے یا ناپی جا سکے ؛ کوئی چیز جس پر ریاضی کے اصولوں کا اطلاق ہوتا ہو۔ (عروض ، صوتیات) آواز یا اس کے زیروبم معین کرنے کا پیمانہ یا وہ وقت جو اس کے تلفّظ کے لیے صرف ہو۔ (منطق) ایک اصطلاح کی وُسعت یا مسئلے کی حد۔ (موسیقی) ایک دُھن کا تسلسل یا دورانیہ۔

quantize, v.t. (طبیعیات) امکانات کے ایک مسلسل سلسلے میں سے غیر مسلسل اقدار کے ایک مجموعے کو چُننا۔

quantization, n. امکانات کے تسلسل سے غیر مسلسل اقدار کا چناؤ۔

quantum n. مقدار ، حصّہ ، قدریہ ؛ ایک خاص مقدار ، ایک حصّہ یا جزو۔ (طبیعیات) نظریۂ مقادیر میں ایک ذرّہ یا خلیہ جو توانائی کی سب سے چھوٹی مقدار کا حامل ہو لیکن جو خود قائم رہنے کی صلاحیّت رکھتا ہو یا توانائی کی یہ مقدار جو اکائی کی حیثیت رکھتی ہے ؛ کوانٹم۔

quantum mechanics, n. (طبیعیات) مقادیری میکانیات ؛ ریاضی کا ایک طریقہ جو جوہری اور زیر جوہری ذرات کی توانائی کا باہمی تعلق نمایاں درجوں کے لحاظ سے بتاتا ہے۔

quantum number, n. (طبیعیات) مِقداری عدد ؛ عددِ قدریہ ؛ جوہری طریقے میں اعداد سالم کا یا طاق اعداد نصف سالم کا ایک سیٹ جو اس طریقے میں موجود مختلف توانائی کے درجوں میں سے کسی ایک درجے کو ظاہر کرتا ہو۔

quantum theory, n. (طبیعیات) نظریۂ مقادیر برقیات ؛ نظریۂ قدریہ ؛ یہ نظریہ کہ توانائی کا اخراج اور انجذاب جو جوہری ذرّات اور سالمے کرتے ہیں ، مسلسل نہیں ہے بلکہ یہ عمل الگ الگ مقداروں میں واقع ہوتا ہے اور ہر مقدار کو کوانٹم (توانائی کی اکائی) کہتے ہیں۔

quarantine, n. قرنطینہ ؛ قیدِ طبیّ ؛ جبری حراست ؛ کسی وبا کو پھیلنے سے روکنے کے لیے جبری حراست یا تنہائی ؛ جبری حراست یا تنہائی کی وہ مدّت جو جہازوں ، افراد یا سازوسامان کے ایک بندرگاہ یا مقام پر پہنچنے کے بعد اس غرض سے عائد کی جائے جب ان سے کسی وبا کے جراثیم یا متعدی امراض پھیلنے کا اندیشہ ہو؛ حراست یا قیدِ تنہائی کی جگہ یا بالکل الگ ٹھکانا ؛ ایک ضابطے کا طریقہ جس میں حکومت کا کوئی مجاز افسر یا کسی اور عوامی ادارے کا مجاز عہدے دار بندرگاہ پر یا سرحدوں پر وبائی امراض کو پھیلنے سے روکنے کے لیے طبّی معائنہ کرتا ہے اور جراثیم سے افراد یا سازو سامان کو محفوظ کرتا ہے ؛ رفاہ عام کے لیے صحت کے ادارے کی وہ شاخ جو اس طرح کی خدمات انجام دیتی ہے ؛ سیاسی یا اجتماعی طور سے جبراً علیحدگی ؛ چالیس دن کا عرصہ ؛ چلّہ۔ (فعل متعدی) حراست میں رکھنا ؛ روکنا ؛ علیحدہ کرنا ؛ قرنطینہ کے ذریعے شہر بدر یا برادری سے خارج کرنا ؛ قرنطینہ میں رکھنا۔

quarantinable, a. قابلِ قرنطینہ۔

quarrel, n. جھگڑا ، لڑائی ، اَن بن ، نااتفاقی ، نزاع ؛ قضیہ ؛ ترکِ تعلقات ، تکرار کی بُنیاد یا وجہ ؛ شکایت ؛ پرخاش؛ اعتراض ؛ تُو تُو میں میں ؛ حُجّت ؛ حرف گیری ؛ تکرار۔ (فعل لازم) سختی سے لڑنا جھگڑنا ؛ لڑائی کرنا ؛ جھپٹ ہو جانا ؛ ٹنٹا کرنا ؛ اعتراض کرنا ؛ مین میخ نکالنا ؛ حرف گیری کرنا ؛ عیب جوئی کرنا۔

quarreler, (Brit.) quareller, n. حُجتی ؛ لڑاکا ؛ جھگڑالو۔

quarrel, n. کھڑکی کا مربّع یا معین شکل کا شیشہ ؛ لوزی شیشہ۔ نیز : quarry-ایک ایسا اوزار جس کی نوک مخروطی ہوتی ہے اور تراش‌خراش کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ شیشہ تراش ؛ قدیم میں ایک غُلّہ یا تیر جس کا سرا مربّع نُما ہوتا تھا اور ایک خاص قسم کی آڑی کمان سے پھینکا جاتا تھا۔

quarrelsome, a. جھگڑالو ؛ لڑاکا ؛ فسادی ؛ تُندمزاج ؛ جھلاّ ؛ جو لڑنے پر مائل ہو اور لڑنے کے قابل ہو۔

quarrelsomely, adv. جھگڑالو پن سے۔

quarrelsomeness, n. جھگڑالو پن ؛ فسادی پن۔

quarrier, quarryman, n. کان کن ؛ پتھر کی کان میں کام کرنے والا۔

quarry, n. شکار ؛ صید ؛ کوئی جانور جس کا شکار کے لیے تعاقب کیاجائے ،خاص طور سے وہ شکار جس کا تعاقب شکاری پرندوں یا کُتّوں سے کیا جائے ؛ کوئی چیز جس کا تعاقب کیا جائے۔

quarry, n. کان ؛ کھدان ؛ ایک گڑھا جہاں زمین سے پتّھر کھودے اور تراشے جاتے ہیں یا بارود کی مدد سے نکالے جاتے ہیں۔ (فعل متعدی) پتھر کی کان سے کھودنا اور نکالنا ؛ پتھر نکالنے کے لیے گڑھا بنانا/کھودنا ۔

quarrying, n. کان کَنی ؛ کھدائی۔

quarry, n. کھڑکی کا معین نُما شیشہ ، مربع نُما شیشہ یا ایک چھوٹا معین کی شکل یا ہیرے کی شکل کا شیشے کا ٹکڑا ؛ معین پتھر یا ٹائل۔

quart, n. کوارٹ ؛ ظرف ؛ پیمانہ ؛ دو پائنٹ (رقیق چیز کے ناپنے کا پیمانہ) ؛ چوتھائی گیلن۔

quartan, a. چوتھیا (بُخار) ؛ معیادی بخار جو چوتھے دن آتا ہو ؛ ایک گروہ یا سلسلے میں چوتھے درجے کا مظہر۔ (اسم) (امراضیات) ایک قسم کے ملیریا کا بخار جس کا دورہ ہر چوتھے دن پڑتا ہے۔

quarte, n. (تیغ بازی) آٹھ کے سلسلے میں چوتھی روک۔

quarter, n. چوتھا حصّہ ؛ چوتھائی ؛ پاؤ ؛ رُبع ؛ چہارم ؛ چار مساوی حصّوں میں سے ایک حصّہ جن میں کوئی چیز تقسیم ہو یا قابل تقسیم ہو ؛ چوتھائی حصّہ یا ٹکڑا جیسے ایک پونڈ کا چوتھائی حصّہ یا ایک گز ، ایک میل یا ایک سال کا چوتھائی حصّہ؛ ایک گھنٹے کا چوتھائی حصّہ یا وہ نقطہ جو وقت کے اس حصے کا آغاز و انجام ظاہر کرتا ہو ؛ ایک ڈالر کا چوتھائی حصّہ یا ۲۵ سینٹ ؛ اس قیمت کا ایک امریکی یا کینیڈی سِکّہ ؛ ہنڈرڈویٹ کا چوتھائی حصّہ جو امریکا میں ۲۵

پونڈ کے برابر ہوتا ہے اور انگلستان میں ۲۸ پونڈ کے برابر ہوتا ہے ؛ ایک پیمانہ (خاص طور سے غلے کا) جو ایک ٹن کے چوتھائی کے برابر یا آٹھ بشل کے مساوی ہوتا ہے ؛ اسکولوں اور یونیورسٹیوں میں ایک سال کے تعلیمی دورانیے کا چوتھائی حصّہ ؛ ایک قطب نُما کے چار اصلی نقطوں میں سے ایک یا اُفق کے متقابل حصّوں میں سے ایک حصّہ ؛ قطب نُما کا کوئی حصّہ یا نُقطہ ؛ ضلع یا بستی، خاص طور سے ملک ، شہر یا قصبے کا ایک مخصوص علاقہ (جیسے : Latin quarter of Paris) ؛ محلہ ؛ ایک غیر واضح شخص ، گروہ ، مقام یا اس کے مماثل کوئی شے (جیسے : orders from a higher quarter) ؛ کسی دودھ پلانے والے جانور کے جسم مُردہ کا ایک چوتھائی حصّہ جس میں ایک ٹانگ یا دست شامل ہو ؛ قیام گاہ ؛ رہایش گاہ ؛ اقامت گاہ ، جائے سکونت یا پناہ گاہ ۔ (جمع) (کھیل) کھیل کے وقت کا چوتھائی حصّہ جیسے فٹ بال یا باسکٹ بال کا ۔ (کفّاشی) جوتے میں چمڑے کا وہ ٹُکڑا جو ایڑی سے پنجے تک پہلو میں لگایا جاتا ہے ۔ (فلکیات) ہفتۂ قمر ؛ دورِ قمر یا زمین کے گرد چاند کے ماہانہ چکر کا چوتھائی حصہ ؛ چاند کے دو مرحلوں میں سے ایک مرحلہ جب اس کا چوتھائی حصہ دکھائی دیتا ہے ۔ (عسکری) رحم ؛ امان؛ جان بخشی ؛ معافی ؛ خاص طور پر وہ معافی جو جنگ میں اس دشمن کو دی جائے جو ہتھیار ڈال دے ؛ فرود گاہ؛ ایک ٹھکانہ یا پڑاؤ جہاں افواج قیام کریں (جیسے : winter quarters) ۔ (جہاز رانی) جہاز کے پہلو کا وہ حصّہ جو دنبالے کی طرف ہوتا ہے ؛ وہ مقام/چوکی جہاں سپاہی یا افسران فرائض منصبی ادا کرنے کے لیے متعیّن کیے جائیں خواہ لڑنے کے لیے یا مشق کرنے کے لیے ۔ (نقابت) ڈھال کا چار حصّوں میں سے وہ حصّہ جو اُن اُفقی اور عمودی لکیروں سے بنا ہو جو بیچ میں مِلتی ہوں ؛ ایسے حصّے پر مندرج منصب یا شکل ۔

quarter, a. چوتھ ؛ کسی چیز کے چوتھائی حصّے کے برابر ۔

at close quarters, قریب قریب ؛ ایک محدود جگہ میں ؛ نزدیک ۔

quarter, v.t. چار برابر حصّوں میں تقسیم کرنا ؛ چوپارہ کرنا ؛ چورنگ کرنا ۔ (عسکری) فراہم کرنا جیسے سپاہیوں کو قیام گاہ یا پناہ گاہ ؛ کسی علاقے کو ایک سرے سے دوسرے سرے تک کئی مرتبہ عبور کرنا ۔ (نقابت) تقسیم کرنا جیسے سپر کو چار حصوں میں ؛ نشان بنانا جیسے سپر پر دوسرے نشانوں کے ساتھ خاندانی نشان بنانا ۔ (فعل لازم) کسی مقام پر ٹھہرایا جانا یا تعینات کیا جانا ؛ کسی علاقے میں اِدھر اُدھر دوڑنا جیسے کُتّے شکار کی حالت میں دوڑتے ہیں ۔

quarterage, n. فوجوں کی قیام گاہ کا انتظام ؛ ایسے انتظام کے اخراجات ؛ مسکن یا قیامگاہ کا انتظام ؛ سہ ماہی اُجرت ، مزدوری یا وظیفہ ۔

quarterback, n. (فُٹ بال) (برطانیہ میں رگبی) ایک کھلاڑی جو پکار کے (اپنے ساتھیوں کو) بتاتا ہے اور سنٹر کے پیچھے کی پوزیشن سے اپنی اگلی صف کے کھلاڑیوں کو ہدایات دیتا ہے کہ آگے بڑھ کر گول کریں، اس کے ساتھی اس کو گیند دیتے ہیں اور وہ اس گیند کو خود لے کر آگے بڑھتا ہے یا اپنے کسی دوسرے ساتھی کو پاس کر دیتا ہے ؛ ایسے کھلاڑی کی پوزیشن ۔ (فعل متعدی) رہنمائی کرنا ؛ ہدایت کرنا جیسے فٹ بال ٹیم کے ایک دوسرے پر حملے کے لیے ۔ (فعل لازم) ''کوارٹر بیک'' کے فرائض کو انجام دینا یا اس پوزیشن پر کھیلنا ۔

quarter crack, n. گھوڑے کے کُھر/سُم پر ریت کی وجہ سے پھٹاؤ یا کٹاؤ ۔

quarter day, n. (زیادہ تر برطانوی) یوم سہ ماہی ؛ سال کے چوتھائی عرصے کو ظاہر کرنے والے چار دنوں میں سے ایک دن ، جس دن کرایہ داریاں شروع ہوتی یا ختم ہوتی ہیں اور سہ ماہی ادائیگیاں واجب ہو جاتی ہیں ۔

quarter-deck, n. (جہاز رانی) بالائی عرشے کا دنبالۂ جہاز یا پچھلا حصہ جو عام طور پر صرف جہاز کے افسروں کے لیے مخصوص ہوتا ہے ۔

quarterfinal, n. (کھیل) کوارٹر فائنل ؛ ایک مقابلہ/میچ یا مقابلوں کا ایک سلسلہ جو ٹورنامنٹ کے مقابلوں میں سیمی فائنل سے پہلے ہوتا ہے ۔

quarterfinalist, n. سیمی فائنل سے پہلے کے مقابلوں میں شرکت کرنے والا کھلاڑی یا ٹیم ۔

quarter horse, n. ٹٹّو ؛ ایک گٹھے ہوئے مضبوط جسم کا چھوٹے پیروں والا گھوڑا (خچّر جیسا) جو کم فاصلوں کی دوڑ کے لیے سدھایا جاتا ہے؛ وہ گھوڑا جو مویشیوں کی نگہبانی کرنے کے کام میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

quarter-hour, n. چوتھائی گھنٹہ ؛ پندرہ منٹ کا وقفہ ؛ گھڑی کا وہ نُقطہ جو گھنٹے کے پندرہ منٹ پہلے یا بعد کا وقت ظاہر کرے ۔

quartering, n. کسی شخص یا چیز کا وہ عمل جو چار حصّوں میں تقسیم کرتا ہو ؛ چوپارہ بنانے کا عمل ؛ قیامگاہ یا خود کوارٹروں کی فراہمی ۔ (نقابت) ڈھال کی چار حصوں میں تقسیم ؛ ایک ڈھال پر مارکہ کاری جو خاندانی نشان کو ظاہر کرے ۔ (عموماً جمع) اس طرح لگے ہوئے مارکے ۔ (صفت) ڈھال میں لگے ہوئے خاندانی مارکوں یا نشانات کے بارے میں ؛ اُن کوائرس کا جو زاویہ قائموں پر بنائے گئے ہوں ۔ (جہاز رانی) ہوا کے بارے میں جو جہاز کے پہلو کے رُخ پر چلتی ہے ؛ باد موافق ، باد مراد ، باد شُرط سے متعلق ۔

quarterly, a. چوتھائی کے متعلق یا چوتھائی حصّے کا مظہر ؛ خاص طور پر سال کا چوتھائی حصّہ ۔ (اسم) سہ ماہی جریدے یا رسالے ۔ (متعلق فعل) سہ ماہی کے طور پر یا سہ ماہی میں ؛ سال کے چوتھائی حصہ میں ایک مرتبہ ۔ (نقابت) چار حصوں میں تقسیم کرتے ہوئے ؛ سپر/ڈھال کے چار حصوں میں ۔

quartermaster, n. (عسکری) کوارٹر ماسٹر ؛ میر سامان ؛ فوج کا وہ افسر جو قیام گاہ ، لباس ، غذا ، رسد اور دوسری ضروریات کا ذمہ دار ہو ۔ (جہاز رانی) ایک چھوٹا افسر جو جہاز کے قُطب نُما ، پیام رسانی اور جہاز رانی کے آلات کو استعمال کرتا ہے ۔

quartern, n. (زیادہ تر برطانوی) ایک رُبع یا چوتھائی حصّہ خاص طور پر بعض مخصوص اوزان اور ناپ کو ظاہر کرنے والا جیسے ایک پونڈ ، اونس، پیک یا پائنٹ ؛ تقریباً چار پونڈ کی ڈبل روٹی ۔

quarter note crotchet, n. (موسیقی) ایک چوتھائی سُر جو طوالت میں پورے سُر کے برابر ہو ۔

quarter-phase, a. (برق) رُبع حالت ؛ ایک کامل دائرے کے چوتھائی حصّے کے مرحلے کے نُمایاں فرق کے متعلّق یا اس کے بارے میں ۔

quartersaw, v.t. چوتھ کاٹنا ؛ لکڑی کے لٹھے /شہتیر کو

آرے سے لمبائی میں چار ٹکڑے کرنا اور پھر تختوں میں کاٹنا جن کی کٹی ہوئی سطح پر لکڑی کے سالانہ حلقے تقریباً زاویہ قائمہ بناتے ہوئے نظر آئیں ۔

quarter section, n. چوتھائی مربّع میل ؛ کینیڈا اور ریاستہائے متحدہ امریکا میں زمین کی پیمایش ، ایک قطعۂ زمین کا مربّع جس میں ایک مربع میل کا چوتھائی حصہ یا ۱۶۰ ایکڑ ہوتے ہیں ۔

quarter sessions, n. (قانون) (جمع لیکن ترکیب میں واحد) سہ ماہی عدالت ؛ ایک انگلستانی عدالت جو محدود فوجداری اختیارات رکھتی ہو اور جس کو کچھ اور اختیارات بھی ملے ہوئے ہوں اور جو سہ ماہی اجلاس کرتی ہو ؛ امریکا کی بعض ریاستوں میں ایک ایسی عدالت جو محدود فوجداری اختیارات اور بعض اوقات انتظامی اختیارات بھی رکھتی ہو اور جو ہر تین ماہ میں ایک مرتبہ اجلاس کرتی ہو ۔

quarterstaff, n. لوہانگی ، لاٹھی ، لَٹھ ، ڈنڈا ، سونٹا ، عصا ۔ (قدیم) میں مضبوط بانس کا بنا ہوا ایک انگریزی ہتھیار جس کی نوک پر لوہا لگا ہوا ہوتا تھا اور جس کی لمبائی چھ سے آٹھ فٹ تک ہوتی تھی ؛ شام چھڑی لاٹھی ؛ لوہانگی یا لاٹھی کا استعمال ۔

quarter tone, n. (موسیقی) رُبع سُرتی ؛ ایک وقفہ جو چوتھائی سر کے برابر ہو ؛ تال کے درمیان خفیف وقفہ (semi tone) کا نصف ۔

quartet, quartette, n. چوتھائی ؛ چہار آہنگ ؛ چوراگا ؛ ایک راگ جو چار آوازیں ملا کر گایا جائے یا چار آلاتِ موسیقی پر بجایا جائے ؛ وہ گانے والے یا بجانے والے جو ایسا راگ گاتے یا بجاتے ہوں ؛ گانے والوں کی چوکی ؛ چار کی سنگت ۔

quartic, a. (ریاضی) چو درجی یا چوقدری ؛ چوتھے درجے والی یا چوتھے درجے سے متعلق ۔ (اسم ، ریاضی) ایک چو درجی مساوات ؛ چودرجی تفاعل ۔

quartile, n. (شماریات) نقطۂ تقسیم ؛ تقسیم کرنے والے خط منحنی پر ایک ایسا نُقطہ جو چوتھائی حصوں میں بانٹنے والی تقسیم کو ظاہر کرے جو مجموعی اکائیوں کے اعداد کے ایک چوتھائی کے مساوی ہو ؛ چوتھائیہ ۔ (صفت) تقسیم کرنے والا (نقطہ) ۔

quarto, n. چو ورقی ؛ رُبعی ؛ کوارٹو ؛ قطعہ وزیری ؛ کاغذ کی کتاب یا رسالے کے سائز کی ایک ایسی تہ جس کی لمبائی بارہ انچ اور چوڑائی ۹ انچ ہو اور جو کاغذ کے ایک تختے کو دو دفعہ موڑنے کے بعد چار ورق یا آٹھ صفحوں کی شکل اختیار کرتی ہے ؛ ایک کتاب یا رسالہ جو اس تقطیع کا ہو ۔ مخفف qto: 4 to, 4 بھی لکھا جاتا ہے ۔ (صفت) کوئی کتاب یا رسالہ جو اس سائز کے کاغذوں سے مجلّد کیا گیا ہو ۔

quartz, n. (معدنیات) کوارٹس ، سنگِ مُردار ؛ صوان ؛ گار ؛ ایک بکثرت پایا جانے والا اہم معدنی پتھر بلّورِ کوہی، سلیکون ڈائی آکسائڈ ، جو بہت سی شکلوں اور رنگوں میں دستیاب ہوتا ہے اور بے ڈول تودوں میں پایا جاتا ہے جیسے سنگ یمانی اور سنگ یشب یا شش ضلعی بلور/شیشہ جیسے یاقوت ارغوانی ، بلّورِ کوہی ، سنگ خارا وغیرہ ۔

quartzose, quartzous, a. بلّورِ کوہی یا سنگ مردہ کی خصوصیت رکھنے والا ۔

quartz battery, n. کوب مشین ؛ کُوٹنے والی مشین ؛ کچ دھات کُوٹنے کی کَل ۔

quartziferous, a. گار دار ؛ صوان دار ؛ جس میں بلّور کوہی پایا جاتا ہو یا جو خاص طور پر بلّور کوہی سے بنا ہو ۔

quartzite, n. (معدنیات) سنگِ مُردار ؛ سنگ گار ؛ فِطری نشوونما سے بدلی ہوئی ایک سخت چٹان جو سخت ہو جانے والے ریتلے پتھر سے بنی ہو ۔

quartzitic, a. سنگ مردار کی طرح ؛ ریتلے پتھر کی طرح ۔

quasar, n. (فلکیات) دُور دراز فاصلے کا ایک آسمانی جرم جس سے ریڈیائی لہریں کثیر مقدار میں نکلتی ہیں ۔

quash, v.t. خارج کرنا ؛ بے اثر کرنا یا ناجائز قرار دینا ؛ مُستردَ کرنا ؛ مقلوب کرنا ؛ کچل دینا ؛ دبا دینا ؛ ختم کرنا ؛ بغاوت کو کچل دینا ۔ (قانون) کالعدم کرنا ؛ منسوخ کرنا ۔

quasi, a. یکساں ؛ بعض خصوصیّات یا اجزا میں یکساں ۔ (متعلق فعل) گویا کہ ؛ یعنی ؛ بظاہر ؛ مثل ؛ نیم ؛ از قسم ؛ فی الحقیقت نہیں (جیسے : a quasi-historical account) ۔

quasi-contract, n. (قانون) نیم پیمانی کیفیت ؛ نیم معاہدہ ؛ نیم پیمان ؛ ایک قانونی ذمہ داری جو ایک پیمان یا معاہدے کی عدم موجودگی میں عائد ہوئی ہو تاکہ ادائیگی یا بعد از خرید ادائیگی یا مرمت کا یقین ہو سکے جن کی ایک معاہدے میں صراحت ہوتی ہے ۔

quasi-judicial, a. نیم عدالتی ؛ کچھ عدالتی خصوصیات رکھتے ہوئے ، جیسے عدالتی تحقیقات کا عمل ۔

quasi-judicially, adv. نیم عدالتی طریقے سے ۔

quasi-stellar, a. (فلکیات) سحابیہ وسطی کا ؛ کسی ایسے جِرم فلکی کو ظاہر کرتے ہوئے جو کہکشاں سے بھی آگے ہو ، سائز میں ایک ستارے سے بڑا ہو مگر ایک سحابیے (nebula) سے چھوٹا ہو اور طاقتور برقی مقناطیسی لہروں کے اخراج کا مبدا و ماخذ بن رہا ہو ۔

quassia, n. [یہ کُواسی (Quassy) نام کے ایک حبشی کے نام سے منسوب ہے جس نے سب سے پہلے اس درخت کی بطور دوا اہمیّت و خصوصیّات معلوم کیں] کواسیا جھاڑ ؛ کواسیا عرق ؛ جنوبی امریکا کے استوائی علاقے کا ایک درخت جو کواسیا (quassia) یا پکراسما (picrasma) کی نسل سے ہوتا ہے جس میں ایک نہایت تلخ مواد ہوتا ہے جو کیڑے مار/کرم کش دوا کے طور پر مفید ہوتا ہے اور طِبّی لحاظ سے بطور مقوّی بھی ۔

quaternary, a. چوعنصری ؛ جو چار چار پر مشتمل ہو ؛ جو چار چار کی تعداد میں ترتیب دیا گیا ہو ؛ چو رُکنی ۔ (اسم) چار چیزوں کا ایک میل ؛ چار کا عدد ۔

Quaternary, n. (ارضیات) عصر سوم و چہارم ؛ موجودہ ارضیاتی دوران وقت کا نوحیاتی دور جس میں دو عنصر شامل ہوں ، ایک جدید ترین دور اور دوسرا حالیہ دور ۔ (صفت) ارضیاتی عصر سوم و چہارم کا ۔

quaternion, n. چوکا ؛ چار کا عدد ؛ چار چیزوں کا ایک میل ؛ چولڑا ؛ چار چیزوں یا چار اشخاص کا ایک جوڑ ۔ (ریاضی) چو رقمی علامت ؛ دو خطوطِ حامل کا حاصل قسمت جو چار اجزاء پر مشتمل خیال کیا جاتا ہو جن میں سے تین عدد ملتف اور ایک عدد حقیقی ہو اور جو جبر و مقابلہ کی چورقمی علامت سے ظاہر کیا جاتا ہو ۔ (جمع) ایسی

مقادیر کا مجموعه/احصا ـ

quatrain, n.
رُباعی ؛ چار مصرعوں کا قطعه یا بند ؛ دوبَیتی ، جو عام طور پر باری باری سے ہم قافیه ہوتے ہیں ؛ چو مصرعه ـ

quatrefoil, n.
چوپتّیا بیل ؛ ایک پتّا جس میں چارپتّیاں ہوں جیسے چوپتّیا گھاس کے پتّوں کی شکل ـ (فنِ تعمیر) گُلکاری ، خصوصاً چار پتیوں کے پھول کی زیبائشی شکل جو عمارت کے نقش و نگار میں بنائی جاتی ہے ـ

quattrocento, n.
قَرنِ پانزدہم ؛ کوارٹروسنٹو ؛ پندرھویں صدی خاص طور پر اطالیه کی مخصوص مصّوری یا ادب کے حوالے سے ـ (صفت) پندرھویں صدی والا ؛ وہ مصوّر یا ادیب جو اطالوی مصوری یا ادب کے اس اصول و طرز کی پیروی کرتا ہو جو پندرھویں صدی میں رائج تھا ـ

quaver, v.i.
لرزنا ؛ تھرتھرانا ؛ کانپنا ؛ لہرانا ؛ لہراتی ہوئی آواز میں بولنا یا گانا ـ (موسیقی) لرزتی ہوئی آواز کے ساتھ گانے یا کسی ساز کو بجانے کا عمل ہونا ـ (فعل متعدی) کانپتی ہوئی آواز میں کچھ کہنا یا ترانه یا کوئی راگ یا گیت گانا ـ (اسم) گٹکری ؛ آواز کی ایک لہر ؛ آواز کا زیروبم /اُتار چڑھاؤ ـ (خصوصاً برطانوی ، موسیقی) آٹھواں راگ ؛ ترانه ـ

quaveringly, adv.
لرزاں ؛ گٹکری بھرتے ہوئے ، لہراتے ہوئے ـ

quavery, a.
لرزاں ؛ جس تقریر میں آواز کی لرزش ہو ـ

quay, n.
پشته ؛ گھاٹ ؛ لکڑی یا پتھر کا چبوترا ؛ گودی ؛ اترنے کی ایسی جگه جو ساحل سمندر پر یا دریا کے کنارے یا ایک بندرگاہ کے پاس بنائی جاتی ہو جہاں جہازوں سے مال اُتارا یا چڑھایا جاتا ہو ـ

quaylike, a.
گھاٹ کی طرح ـ

quayage, n.
گھاٹ محصول ؛ گودی محصول ؛ گودی پر یا گودی کے لیے جگه ؛ گودیاں ؛ گودیوں کا علاقه ـ

que, a.
جو ؛ کون ؛ جو کچھ ؛ جو کُچھ ـ

quean, n.
(قدیم) بیسوا ؛ طوائف ؛ رنڈی ؛ بدتمیز ؛ پھوہڑ لڑکی ؛ بڑونگی ؛ فاحشه اور بے حیا عورت ؛ اُچھال چھنگا ـ

queasy, a.
دردِ شکم یا متلی میں مُبتلا ؛ قے آور ؛ ضعیف الاعتقاد ؛ وہمی ؛ مضطرب یا شکی (ضمیر کا شک) ـ

queasily, adv.
متلاتے ہوئے ـ

queasiness, n.
بدہضمی ؛ متلی ؛ مالش ؛ پیٹ کی خرابی ؛ گھبراہٹ ، سُوءِ ہاضمه ؛ ضمیر کی بے چینی ـ

Quebec, n.
حرف Q کو ظاہر کرنے کے لیے مواصلاتی اشارے کا علامتی لفظ ـ

quebracho, red quebracho, n.
کوبراکو ؛ ایک درخت کا نام ؛ جنوبی امریکا کے ایک درخت کی اندرونی لکڑی ، یه کاجو کی نسل سے ہوتا ہے اور دُنیا میں ایک خاص قسم کے تیزاب (tannin) بنائے جانے کا نہایت اہم ذریعه ہے نیز جنوبی امریکا میں اس کی سرخ اور سفید اقسام پائی جاتی ہیں، یه کچله کی نسل سے تعلق رکھتا ہے جس کی چھال دوا کے طور پر استعمال کی جاتی ہے ـ

queen, n.
ملکه ؛ بادشاہ بیگم ؛ رانی ؛ بادشاہ کی بیوہ ؛ سُلطانه ؛ وہ عورت جو تاجدار اور حُکمران ہو ؛ حسینه ؛ عورتوں میں مُمتاز ؛ نسوانی خوبیوں کی بہترین مثال ؛ تاش کا وہ پتّا جِس پر بیگم کی تصویر ہو ؛ بیبا ؛ بیگم ـ (شطرنج) شطرنج کے کھیل میں فرزین جو سب سے زیادہ طاقتور مُہرہ ہوتا ہے ؛ کیرم بورڈ کے کھیل میں وہ واحد سُرخ گوٹ جو سب سے زیادہ اہم ہوتی ہے ـ (حشریات) شہد کی مکھیوں یا چیونٹیوں کی ملکه جس سے نسل بڑھتی ہے ؛ بڑی مکھی ؛ ملکۂ نمل ؛ ملکۂ عنسل ؛ بڑی بھڑ ـ (عوامی) ایک غیر معمولی دلرُبا لڑکی یا جوان عورت ؛ حسینه ؛ معشوقه ؛ محبوبه ؛ جانی ؛ سُندر ؛ البیلی ؛ دلرُبا ؛ امرد ؛ لونڈا ـ

queendom, n.
عُہدہ یا منصبِ ملکه ؛ وہ مُلک جس پر کوئی ملکه حکمران ہو ـ

queenlike, a.
ملکه کی طرح سے ؛ شاہانه ؛ باوقار ؛ مغرور ـ

queenliness, n.
ملکه یا رانی پن ؛ شاہانه شان ، شاہانه تمکنت ـ

queenly, adv., a.
ملکه کی طرح ؛ پُر وقار طریقے سے ؛ شایانِ شانِ ملکه ـ

queen, v.i.
ملکه کی طرح حکومت کرنا یا عمل کرنا ـ (فعل متعدی) (شطرنج) پیادے کے لیے ملکه (وزیر) کی طاقت حاصل کر لینا ـ

queen it,
متکبرانه انداز میں پیش آنا ـ

queen Anne's lace, wild carrot, bird's nest, n.
(نباتیات) جنگلی گاجر ؛ گاجر کی نسل کی ایک خوبصورت ، بعض اوقات خس و خاشاک سے بھری ہوئی بوٹی Daucus carota جس میں نازک الگ الگ پتیاں اور سفید نرم و نازک پھولوں کے گُچھے ہوتے ہیں جو خوبصورت جھالر سے معلوم ہوتے ہیں ؛ وہ پودا جس سے بوئی جانے والی گاجر کی موجودہ صورت حاصل کی گئی ـ

Queen Anne style, n.
اسلوبِ ملکه این ؛ انگریزی فنِّ تعمیر اور فرنیچر بنانے کا وہ طرز جو اٹھارویں صدی میں ملکه اَین (Anne) کے دور حکومت میں رائج تھا یعنی ایسی عمارتیں جو سُرخ اینٹوں سے بلا تصنّع سیدھے سادے طریقے سے بنی ہوئی تھیں اور جن کی آرایش ترمیم شدہ کلاسیکی وضع پر کی جاتی تھی ، اسی طرح فرنیچر کا وہ اسٹائل جس میں آرام کا خاص خیال رکھا گیا ہو، جن پر سُبک انداز میں ٹیڑھے خطوط کا ڈیزائن بنایا گیا ہو اور جن پر دمشقی پھول دار کپڑا منڈھا گیا ہو ؛ فرنیچر کا ایسا ڈیزائن جس میں قرونِ وُسطیٰ کے جاپان اور اٹھارویں صدی کے انگریزی نمونوں کے مِلے جُلے اثرات خاص طور پر مینا کاری اور مشرقی بُناوٹ کی شکل میں نمایاں ہوں ـ

queen consort, n.
ملکه ؛ بادشاہ بیگم ؛ حُکمران بادشاہ کی بیگم جو بادشاہ کی خودمختارانه حکومت میں کوئی دخل نه رکھتی ہو ـ

queen dowager, n.
بیوہ ملکه ؛ مرحوم بادشاہ کی بیوی ـ

queen mother, n.
مادر ملکه ؛ مادرشاہ ؛ سابق بادشاہ کی بیوہ ملکه جو موجودہ بادشاہ کی ماں بھی ہو ـ

queen olive, n.
شاہ زیتون ؛ بڑے بڑے زیتونوں کی ایک قسم جو ہسپانیه میں اُگائی جاتی ہے ـ

queen post, n.
سیدھی قینچی ؛ پیل پایه ؛ دو سیدھی لکڑیاں (کڑیاں) جو چھت کے سہارے کے لیے سِرے سے برابر فاصلے پر لگاتے ہیں تاکه عمارت کے بالائی ڈھلوانی حِصّے کو سہارا دیا جا سکے ـ

queen regent, n. نائبہ ملکہ ؛ ملکہ کی قائم مقام
ایک ملکہ جو دوسری ملکہ کی نائبہ یا قائم مقام ہو۔

queen regnant, n. خودمختار ملکہ ؛ ایک ملکہ جو خود
حکومت کر رہی ہو اور کسی دوسرے کی نیابت نہ کر رہی ہو۔

Queen's Counsel, n. (برطانوی) مشیرِ ملکہ ؛ وکیلِ ملکہ ؛
وکیلوں کا ایک گروہ یا اس گروہ کا نامزد مُشیر جو حکومت کرنے والی
ملکہ کے لیے مقرر کیا گیا ہو۔ نیز دیکھیے : King's counsel ۔

queen truss, n. (فنِ تعمیر) چھت کا سہارا جو
دو ستونوں (قینچیوں) پر مُشتمل ہو نہ کہ ایک سیدھے موٹے ستون پر۔

queer, a. عجیب ؛ انوکھا ؛ طُرفہ ؛ بے ڈھنگا ؛
بے طور ؛ خبطی سا ؛ روایتی رسم و رواج کے اعتبار سے بے تُکا ؛ قابلِ
اعتراض چال چلن والا ، مشتبہ ؛ ناتندرست ؛ لااُبالی ؛ خبطی ؛ من
موجی ؛ بیمار ؛ پریشان ؛ دماغی طور سے غیر متوازن ؛ مجنون ۔
(عوامی) ہم جنسیہ ؛ بُرا ؛ نکمّا ؛ فریبی ؛ جعلی ۔ (فعل متعدّی) بگاڑ دینا ؛
چکرا دینا ؛ برباد کرنا یا تباہ کرنا ؛ پہلے سے مُشکلات پیدا کر دینا؛ کسی
شخص کی حیثیت یا کام کو خراب کر دینا یا اس کی کامیابی کے
امکانات کو زائل کر دینا ۔ (اسم) (عوامی) لونڈا ؛ ہم جنس پرست ؛
لُوطی ؛ جعلی رقم ، کھوٹا سکّہ ۔

quehoraes, کیا وقت ہے ۔

quell, v.t. دبانا ؛ مٹانا ؛ زائل کرنا ؛ طاقت
سے دبانا ؛ کُچل دینا ؛ خاتمہ کر دینا ؛ بغاوت کو فرو کر دینا ؛ خاموش
کر دینا؛ مطیع کر لینا (خوف ، مخالفت ، دشمن وغیرہ کو) ؛ مسخّر کرنا ۔

queller, n. خاتمہ کرنے والا ؛ دبانے والا ، مٹانے والا ؛
فرو کُنندہ ۔

quench, v.t. گُل کر دینا ؛ بُجھا دینا ؛ آگ کو
خاموش کر دینا ؛ دھیما کرنا ؛ زورکم کرنا ؛ گھٹانا ؛ پیاس کو رفع کرنا ؛
دبانا ؛ مسدُود کرنا یا روکنا ؛ ایک دم سے ٹھنڈا کرنا جیسے گرم فولاد کو
مشین کے ذریعے ملائم کرنے کے عمل میں ایک دم پانی میں ڈبو دیا
جاتا ہے ۔ (فعل لازم) بُجھ جانا ؛ باہر نکل جانا ؛ جوش کم ہو جانا ۔

quenchable, a. بُجھ جانے کے قابل ۔

quencher, n. مشرُوب ؛ پیاس بجھانے والی چیز ۔

quenchless, a. جو بجھایا نہ جا سکے ، ٹھنڈا نہ کیا
جا سکے ، رفع نہ کیا جا سکے ؛ غیر منطقی ۔

quercetin, n. (کیمیا) بلوطین ؛ ایک زرد رنگ کا قلمی سفوف
جو زرد بلوط (quercitron oak) کی چھال اور دوسرے نباتاتی اجزا سے
حاصل اور زرد رنگ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

quercetic, a. بلوطینی ۔

quercitron, n. زرد بلوط ؛ شمالی امریکا کے جنگل کا ایک
بڑا درخت Quercus velutina جس کی چھال سے زرد رنگ بنایا جاتا
ہے ؛ خود اس رنگ کو بھی کہتے ہیں ۔

querist, n. سوال کُنندہ ؛ سوال کرنے یا اُٹھانے والا ؛
پوچھنے والا ؛ مستفسِر ؛ جویا ؛ جو سوال پوچھتا ہے ۔

quern, n. ہتھ چکّی ؛ ہاتھ کی چکّی ؛ پتھر
کی چکّی جو ہاتھ سے چلائی اور اناج پیسنے کے کام آتی ہے ؛ ایک ہاتھ
سے چلائی جانے والی مسالہ پیسنے کی چکّی ۔

querulous, a. جھگڑالو ، چڑچڑا ، بدمزاج ؛
شکوہ شکایت کرنے والا ؛ جس کا مزاج ہمیشہ چڑچڑا ہو اور عادتاً
شکایت کرنے والا ہو ۔

querulously, adv. بدمزاجی سے ۔

querulousness, n. بدمزاجی ؛ چڑچڑاپن ۔

query, n. استفسار ؛ استفہام ؛ سوال ؛ جواب
طلب یا تصفیہ طلب سوال ۔ (طباعت) سوالیہ نشان یا علامت (؟) جو
سوال ظاہر کرنے کے لیے لگائی جائے ۔ (فعل لازم و متعدی) سوال یا
سوالات پوچھنا ؛ دریافت کرنا ؛ استفسار کرنا ؛ سوال کرکے معلوم کرنا ؛
سوالات سے امتحان لینا ؛ شک کا اظہار کرنا ؛ سوالیہ نشان لگانا ۔

quest, n. تلاش ؛ جستجو ؛ دریافت ؛ کھوج ؛
تفتیش ؛ ایک مہم یا کٹھن سفر جو کسی خاص مقصد کے لیے ہو یا
کسی خاص چیز کی تلاش یا کچھ دریافت کرنے کے لیے ہو ؛ ایسے سفر
کے اراکین ۔ (فعل لازم و متعدّی) کسی چیز کی تلاش میں ادھر ادھر
پھرنا ؛ تفتیش کرنا ؛ شکار کی تلاش کرنا ؛ تلاش کرنا ؛
ڈھونڈنا ۔

quester, n. تلاش کرنے والا ؛ جویا ؛ متلاشی ۔

questingly, adv. کھوج لگاتے ہوئے ؛ تلاش کرتے ہوئے ۔

question, n. سوال ؛ استفسار ؛ ایک سوالیہ جُملہ
جو جواب طلب ہو ؛ ایک تحقیق طلب یا تشریح طلب بات خاص طور پر
کسی سرکاری ادارے کی طرف سے ؛ مباحثے کا موضوع ؛ مشکوک یا
مشکل نکتہ ، امر ؛ معاملہ ؛ موضوعِ بحث ؛ مسئلہ ؛ نزاعی مسئلہ ؛
تفتیش کا عمل ۔ (فعل لازم و متعدی) سوال یا سوالات پوچھنا ؛ بحث
کرنا ؛ شک کرنا ؛ تفتیش کرنا ؛ سوال کرنا ؛ شک ظاہر کرنا ؛ للکارنا ۔

questioner, n. سوال کرنے والا ۔

questionable, a. قابل اعتراض ؛ مشتبہ ؛ گرفت کے قابل ؛
دریافت طلب ، نزاعی (مسئلہ) ؛ دریافت پذیر ؛ خلافِ دیانت یا خلافِ
تہذیب ؛ غیر یقینی ؛ کسی کے صحتِ بیان ، موزونیت یا استحقاق پر شک
کرنے کی گُنجایش ۔

questionableness, questionability, n. دریافت طلبی ؛
دریافت پذیری ؛ قابل اعتراض کیفیت ؛ مشتبہ ہونے کی حالت ۔

questionably, adv. غیر یقینی طور پر ۔

questionary, n. سوالنامہ ؛ فہرستِ استفسارات ۔
(صفت) فطرتاً سوال کرنے یا اُٹھانے والا ۔

questionless, a. ناقابلِ انکار ؛ مسلّم الثبوت ؛ یقینی ؛
مسلّمہ بات ؛ مسلّمہ امر ؛ سوال نہ اُٹھانے والا ۔ (متعلق فعل) یقینی طور
پر ؛ بِلاشُبہ ۔

question mark, n. سوالیہ نشان (؟) ؛ علامت استفہام
جو لکھنے اور چھاپنے میں سوال کے لیے استعمال کی جاتی ہے اور عام
طور پر سوال کے آخر میں لگائی جاتی ہے جیسے انگریزی میں (?) ۔
(مجازاً) کوئی چیز جو معلوم نہ ہو ؛ رمز یا راز (جیسے : enemy
strategy is still a question mark) ۔

questionaire , n. سوال نامہ ؛ تقسیم کرنے کے لیے
ایک باقاعدہ ترتیب دیا ہوا سوالوں کا مجموعہ جو کسی مسئلے کی
تحلیل و تجزیے اور تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لیے بنایا گیا ہو ؛
اِستفسارنامہ ۔

question time, n. (برطانوی) وقفۂ سوالات ؛ پارلیمنٹ

کے جلسے میں سوالات کا وہ وقفہ جس کے دوران ارکان ، کسی وزیر سے اس کے محکمے کے متعلق سوال پوچھ سکتے ہیں ۔

questor, n. خزانچی ؛ بخشی ؛ مُنیم ؛ قدیم روما کا مجسٹریٹ ۔

quetzal, quezal, n. (طیّوریات) سبزدُم ؛ زرّیں دُم ؛ ایک خوبصورت رنگین پرندہ Pharomarchus mocino جو سُرخ اور سیاہی مائل سبز رنگ کا ہوتا ہے ، یہ وسطی اور جنوبی امریکا کے پہاڑی جنگلات میں پایا جاتا ہے ، دبی دبی سی شاندار کلغی اور لمبی دُم ہوتی ہے جس کے اوپر کے پر گُچھا سا بناتے ہیں ، یہ پرندہ گوئٹے مالا کی قومی علامت یا نشان ہے اور وہاں کے سکّے کا نِشان بھی ہے ۔

queue, n. چوٹی ؛ مینڈھی ؛ گندھے ہوئے بالوں کی لٹ جو لٹکتی ہو ؛ قطار ؛ سلسلہ ؛ لائن جس میں آدمی یا گاڑیاں ایک دوسرے کے پیچھے کھڑی ہوں ، خاص طور پر وہ جو اپنی باری کا انتظار کر رہی ہوں ؛ کیو ۔ (فعل لازم و متعدی) لائن میں کھڑے ہو جانا ؛ قطار بنانا ۔

quibble, n. جُگت ؛ بولی ؛ فقرہ بازی ؛ ایہام ؛ انحراف ؛ باتوں باتوں میں ایسا ابہام کہ اصل مطلب فوت ہو جائے ؛ اختلافِ رائے کا معمولی نُکتہ ۔ (فعل لازم) مغالطہ دے کر اصل موضوع یا خواہ مخواہ کے سوالات کرکے اصل مطلب سے توجُّہ کو ہٹا دینا ؛ فقروں سے طنز کرنا ۔

quibbler, n. فقرہ باز ؛ جُگت باز ؛ سُخن ساز ؛ حیلہ جُو ۔

quick, a. جلدی ؛ فوری ؛ تیز ؛ سریع ؛ کوئی چیز جو جلدی جلدی حرکت کرے جیسے کوئی عمل یا طریقۂ کار جو جلدی جلدی واقع ہو اور جلدی جلدی ختم ہو ؛ ذہین ؛ مستعد ؛ ذکی الحِس ؛ طبّاع ؛ زودفہم (جیسے : a quick mind) ؛ صحیح الجسم ؛ پُھرتیلا ؛ سرعت کے ساتھ کام کرنے والا یا سُرعت سے کام کرنے کے قابل ؛ جذباتی طور سے حسّاس یا زُود رنج ؛ سیماب وش ، متلّون مزاج ؛ جلد خفا ہو جانے والا یا بگڑ جانے والا ؛ بے صبرا (جیسے : a quick temper) ؛ تنک مزاج ؛ جلدی جلدی موقف یا سمت بدلنے والا (جیسے : a quick turn in the road) ۔ (متعلق فعل) جلدی سے ۔ (اسم) زندہ ؛ جاندار (جیسے : the quick and the dead) ؛ زندہ گوشت (جیتا جیتا) ، خاص طور پر وہ حساس حصّہ جو ہاتھ یا پیر کے ناخنوں سے متصل ہوتا ہے (جیسے : nails trimmed down to the quick) ؛ مرکز حسّاسیت (جیسے : The insult stung her to the quick) ۔ (نباتیات) ایک جھاڑی دار کانٹوں والا پودا جو باڑ لگانے کے کام آتا ہے (عام طور پر ایک خاردار جھاڑی کو کہتے ہیں جس کے پُھول سفید یا سرخ اور پھل انگور کی طرح کے لگتے ہیں) ؛ اُس باڑ کو بھی کہتے ہیں جو ایسے پودوں سے بنی ہو ۔

quickly, adv. عُجلت سے ؛ جلدی سے ؛ عاجلانہ ۔

quickness, n. تیزی ؛ پُھرتی ؛ چُستی ؛ حاضر دِماغی ؛ تیز فہمی ؛ زود رفتاری ۔

quick assets, n. مُعجل اثاثے ؛ فوری نقد پذیر اثاثے ؛ نقدی اور وہ اثاثے جن کو فوراً نقدی میں تبدیل کیا جا سکے ۔

quick bread, n. فوری پُخت ؛ روٹی ، بسکٹ یا اسی طرح کی کوئی چیز جو ایسے زود اثر خمیر سے بنائی گئی ہو جس سے فوری پُخت ممکن ہو جائے ۔

quicken, v.t. تیز تر کر دینا ؛ تیز دوڑانا ؛ زندہ کرنا ؛ جِلانا ؛ جان ڈالنا یا احیاء کرنا ؛ تروتازہ کرنا ؛ جوش یا ہمت دلانا ؛ اُکسانا ؛ حرکت دلانا ۔ (فعل لازم) زندہ ہو جانا ؛ تیز تر ہو جانا ؛ زیادہ مُتحرّک ہو جانا ؛ حمل کا اس مرحلے پر پہنچنا جہاں جنین حرکت کرکے زندگی کے آثار کو ظاہر کرتا ہے ؛ جنین کا رحم میں حرکت شروع کرنا ۔

quickner, n. حرکت پیدا کرنے والا ؛ حرکت میں لانے والا ۔

quick-freeze, v.t. فوری جمانا ؛ محفوظ کرنا جیسے غذاؤں کو صحیح و سالم رکھنے کے لیے فوری جما دینا جس سے وہ لمبی مُدّت تک گلنے سڑنے سے محفوظ رہ سکیں اور جمنے سے ان کے ذائقہ اور شکل میں کوئی تبدیلی نہ آئے ۔

quickhatch, n. گرگک ؛ کلٹن (wolverine) ؛ امریکا کا ایک گوشت خور دودھ پلانے والا جانور جو نیولے جیسا مگر اس سے ذرا بڑا ہوتا ہے ۔

quickie, n. (عوامی) کوئی چیز جو انتہائی کم مُدّت میں تیار کی گئی یا بنائی گئی ہو ، جو معمولی معیار کی ہو یا استعمال میں دوسرے درجے کی نوعیّت کی ہو ؛ الکوحل سے بننے والا ایک مشروب جو جلدی سے پیا جائے یا جلدی پینے کے لیے بنایا جائے ۔

quick kick, n. (امریکی فُٹ بال) فوری ضرب/کِک ؛ چوتھی (یعنی آخری) بار فُٹ بال کے زمین پر لگ جانے سے پہلے ،کھلاڑیوں کی کسی ترتیبی صف سے،جہاں سے کِک/ضرب نہ لگائی جا سکتی ہو، فُٹ بال کو ہاتھ میں پکڑے ہُوئے ہی کِک لگا دینا تاکہ مقابلے کی ٹیم کو اپنی باری شروع کرنے کے لیے فُٹ بال کو زمین پر رکھ کر کِک لگانے کا موقع نہ مِل سکے ۔

quicklime, n. [چونے کی تیزی اور جلنے والی خصوصیّات کی بِنا پر اس کو یہ نام دیا جاتا ہے] اَن بُجھا چونا ؛ چونا (خشک حالت میں) یعنی اس سے پہلے کہ وہ پانی میں ڈالا جائے ۔

quicksand, n. ریگِ رواں ؛ دلدل ؛ زمین کا ایک ایسا ٹکڑا جس پر گہرائی تک نرم ، ڈھیلی یا مرطوب ریت پائی جاتی ہو اور جِس پر جو بھی وزنی چیز آئے (انسان ، جانور یا اور کوئی بھاری چیز) وہ اس میں دھنس جائے ۔

quickset, n. (زیادہ تر برطانوی) ایک جلدی بڑھنے والا پودا یا اس کی شاخ یا قلم ، خاص طور پر کانٹے دار جھاڑی کی ایک قسم جو باڑ/احاطے کے لیے اُگائی جاتی ہے ؛ اس طرح کی باڑ کو بھی کہتے ہیں ۔ (صفت) باڑ سے بنا ہوا ۔

quicksilver, n. سیماب ؛ پارہ ؛ تلّون (مزاج کا) ؛ (اس کے سیّال ہونے کی وجہ سے اس کو (living silver) بھی کہتے ہیں) ؛ عام درجۂ حرارت پر کوئی رقیق شے ۔ (صفت) جلدی جلدی حرکت کرنے والی ؛ سیمابی ۔ (فعل متعدّی) کسی چیز پر پارہ چڑھانا ۔

quickstep, n. چلتی گت ؛ بزمیہ رقص کا ایک پُرجوش دلکش طریقہ ؛ موسیقی جو کُوچ کے ایک دلکش راگ سے بنی ہو ۔ (سابقاً) ایک فوجی قدم زنی ؛ مارچ/کُوچ کا قدم ۔

quick-tempered, a. تنک مزاج ؛ جَھلّا ؛ جلدی غُصّے میں آنے والا ۔

quick time, n. (عسکری) معیاری وقت یا رفتار ؛ ۱۲۰ قدم فی منٹ کی رفتار جب کہ ہر قدم ۳۰ انچ ہو ۔

quick turn, n. (بازار حصص) عاجلانہ لین دین ؛ ہیرا پھیری ؛

حصص کی خرید یا باز فروخت جیسے سٹّہ گھنٹوں اور دنوں کی بُنیاد پر کیا جاتا ہے ۔

quick-witted, a. حاضر جواب ؛ ذہین ؛ طبّاع ؛ تیز فہم ؛ دماغی طور پر تیز اور چُست ۔

quick-wittedly, adv. حاضر جوابی سے ۔

quick-wittedness, n. حاضر جوابی ؛ ذہانت ؛ ذکاوت ؛ تیز فہمی ؛ حاضر دماغی ؛ طباعی ؛ پُھرتی ؛ چُستی ؛ چالاکی ؛ سرعت ۔

quid, n. (برطانوی ، عوامی) ایک پونڈ ۔ (سابقاً) ایک اشرفی/گنی ۔

quid, n. نِسوار ؛ تمباکو یا کسی دوسری چیز کا ٹُکڑا یا گلوری جو مُنھ میں رکھی جاتی ہے ۔

quiddity, n. جوہر ؛ خصوصیت ؛ اصلیت ؛ کسی چیز کا اصل جوہر اور لُبِّ لباب ، حقیقت اور خصوصیات دونوں اعتبار سے ؛ باریک بینی ؛ موشگافی ؛ باریک فرق ۔

quidnunc, n. شہر خَبرا ؛ ٹوہ لگانے والا ؛ ایسا شخص جو ہر خبر کی کھوج میں رہتا ہو ؛ خبر گیرا ؛ ایک مصروف آدمی ۔

quid pro quo, n. اَدل بَدل ؛ معاوضہ ؛ کسی شے کا دوسری سے تبادلہ ؛ ایک چیز کی جگہ کوئی دوسری چیز برابر میں لینا یا دینا ؛ قائم مقام ؛ بدل ۔

quiescent, a. ساکن ؛ غیر مُتحرّک ؛ خاموش ؛ جامد ؛ سَاکت ؛ پرسکون ؛ مُطمئِن ۔ (گرامر) ساکن حرف ؛ صامت ۔

quiescence, n. سکُوت ؛ اطمینان ۔

quiescently, adv. خاموشی سے ؛ اطمینان سے ۔

quiet, a. خاموش ؛ چُپکا ؛ تنہا ؛ سنسان ؛ خاموشی سے متعلق یا نسبت رکھنے والی چیز (جیسے quiet road) ؛ جہاں کوئی قابلِ اعتراض یا خلل ڈالنے والی آواز نہ ہو (جیسے : quiet people) ؛ چپ ؛ خاموش (جیسے : Keep quiet) ؛ غیر متحرّک ؛ بے حسّ و حرکت ، آرام کی حالت میں ؛ خطرے یا خلل سے آزاد ؛ پرسکون ؛ امن پسند ؛ غیر متلاطم ؛ جذبات سے خالی ؛ ساکت ؛ صامت ؛ پُرسکوت ؛ نرم ؛ جو خواہ مخواہ دخل دینے کی عادت نہ رکھتا ہو (جیسے : quiet warning) ؛ دبی دبی جیسے ظرافتِ طبع ؛ جو شوخ رنگ کا یا بھڑکیلا نہ ہو ۔ (اسم) سُکوت ؛ آرام ؛ خاموشی ؛ امن ؛ طمانیت ۔ (فعل متعدی) خاموش کرنا یا کرانا ؛ اطمینان دلانا ؛ تسکین دینا ۔ (فعل لازم) خاموش ہو جانا ؛ چُپ ہو جانا ۔ (متعلق فعل) خاموشی اور آرام سے ؛ آہستہ سے ؛ بے خلل ۔

quieter, n. چُپ کرنے والا ۔

quietly, adv. بغیر شوروغل ؛ خاموشی سے ۔ راز داری سے ؛ چپکے سے ۔

quietness, n. خاموشی ؛ سُکوت ؛ چُپ ۔

quietism, n. مذہب تسلیم و رضا ؛ توکّل ؛ مذہبی تصوّف کا ایک سِلسلہ جس کی تعلیم ہسپانوی پادری مولی نوس (Molinos) نے سترھویں صدی کے آخر میں دی جس میں ضبطِ نفس ، ترکِ لذّاتِ دُنیاوی اور ذاتِ خُدا پر تفکّر اور الہیات پر مراقبہ شامل تھا ؛ اس طرح کا ایک مذہبی تصوّف کا سلسلہ ؛ دماغ یا زندگی کی خاموشی ؛ عدم حرکت ۔

quietist, n., a. سادُھو ؛ صُوفی ؛ متوکّل ؛ جو یہ عقیدہ رکھتا ہو ؛ راضی بالقضا ۔

quietistic, a. متعلق بہ توکل ؛ متوکّلانہ ؛ صوفیانہ ۔

quietude, n. آرام کی حالت ؛ استراحت ؛ سُکُون ۔

quietus, n. آخری فیصلہ ؛ آخری حساب کتاب ؛ چُھٹکارا ؛ فارغ خطی ، معاملہ ختم ؛ ایک آخری ضرب ؛ زندگی سے چُھٹکارا یا عمل کا خاتمہ ؛ موت ؛ نیستی ؛ وفات ۔

quiff, n. (برطانوی) بالوں کا ایک حلقہ یا لَٹ جو ماتھے پر نیچے لٹکائی ہوئی ہو ۔

quill, n. پھرکی ؛ نلکی ؛ ڈنڈی ؛ پَر ؛ نے ؛ بانسری ؛ پھانس ؛ پرندے کے بازو یا دُم کا بڑا پر ؛ صفار ؛ شاہ پَر ؛ جسم سے متصل پَر کا سخت نلکی کی طرح کا حصہ ، جیسے ہنس کا پر ؛ ہنس کے پَر سے بنا ہوا لکھنے والا قلم ؛ نَے یا نَرکل یا نلکی/ریل کا ایک ٹکڑا جس پر دھاگا لپیٹا جاتا ہے ؛ ایک بانسری/بنسی جیسے نَے یا مُرلی ؛ چھال کا نلکی جیسا ٹکڑا جیسا کہ خشک دار چینی یا کونین کی چھال سے بنایا جاتا ہے ؛ پَر کا مضراب ؛ پَر کی نلکی کا خلال (دانت کریدنے کے لیے) ؛ خار پشت یا سیہہ کی ریڑھ کی ہڈّی کا کھوکھلا حصہ ؛ ایک ٹُھنسا ہوا دھاگے کا گولا یا ایک لپٹی ہوئی لڑی/جھالر ۔ (مشین) ایک کھوکھلا یعنی نلکی نُما دُھرا جس میں سے ایک دوسرا دُھرا یا بیلن/سلنڈر گُزرتا ہے ۔ (فعل متعدی) ایسی چھوٹی چھوٹی چُنّٹیں برابر فاصلے پر کپڑے پر ڈالنا جیسی پردے پر ہوتی ہیں ؛ پھرکی/نلکی پر دھاگا لپیٹنا ، نلکی سے سوراخ کرنا/چبھونا ؛ کسی چیز میں سے چبھی ہوئی پھانسیں نکالنا ۔

quillback, n. (سمکیات) ایک قسم کی مچھلی کارپ سکر (Carpiodes cyprinus) جو مرکزی ریاستہائے متحدہ امریکا کے چشموں میں پائی جاتی ہے ۔

quilt, n. گدّا ؛ دلائی ؛ رضائی ؛ لحاف ؛ توشک ؛ ایک پوشش یا غلاف جو ایک کپڑے کو دوسرے کپڑے کے ساتھ ملا کر سیتے ہیں اور ان کے درمیان کوئی نرم چیز ہوتی ہے (مثلاً روئی وغیرہ) ؛ کوئی موٹا اور گرم بالا پوش ؛ کوئی توشک نما چیز ۔ (فعل متعدّی) کپڑے کے دو ٹُکڑوں کو بیچ میں کوئی نرم چیز رکھ کر سینا ؛ توشک کی طرح خوبصورت نمونوں کے ڈورے ڈال کر سینا ؛ رضائی کی طرح سینا یا جوڑنا ۔ (فعل لازم) رضائی بنانا ؛ توشک کے نمونے بنانا یا ڈالنا ۔

quilter, n. رضائی یا گدّے بنانے والا ۔

quilting, n. توشک ، لحاف بنانے کا کام ؛ وہ سازوسامان جو اس قسم کی چیزوں کے بنانے میں کام آتا ہو ؛ توشک کی طرح کا کام ۔

quinacrine, n. کونین ؛ ایک قلمی مُرکّب جو چمکدار زرد رنگ کا ہوتا ہے اور ملیریا کے عِلاج میں استعمال ہوتا ہے ۔

quinary, a. مخمّس ؛ پنجہ ؛ پنجڑی ؛ ایسی چیز جو پانچ چیزوں یا اجزا پر مشتمل ہو ؛ نظامِ خمسہ کے متعلّق ۔ (اسم) ایک ایسا عدد جس کی بُنیاد پانچ کی گنتی پر ہو ۔

quince, n. بہی (پھل یا اس کا درخت) ؛ سفرجل ؛ کھٹّا ، زرد رنگ کا نرم ناشپاتی کی طرح کا ایک پھل جو ایک چھوٹے درخت سیڈونا اوبلانگا (Cydonia oblonga) میں لگتا ہے اور یہ گلاب کی قسم سے تعلق رکھتا ہے ، یہ جیلی اور مارملیڈ بنانے کے کام آتا ہے ۔

flowering quince, Japanese quince, جاپانی بہی ؛ جھاڑیوں کی

ایک قسم جو کینومیلس (Chanomeles) اور خاص طور پر لینگنیریا(.C
(Lagenaria)کی نسل سے ہوتی ہے اور اپنے چمکدار نارنجی پھولوں کی
وجہ سے بوئی جاتی ہے جو پتّیوں سے پہلے ہی نکل آتے ہیں۔

quincuncial, quincunxial, a. پنج کور؛
پانچ نشانات والا ؛ پنج بوندیا سا ۔ (نباتیات) پتّیوں کی پانچ پانچ کی
ترتیب کا مظہر۔

quincuncially, adv. ترتیب میں پنج بوندیا
صورت کی طرح سے۔

quincunx, n. پانچ کا بارھواں؛ پنج دوازہ؛ پانچ اور بارہ
کی نسبت؛ ایک رومی سکہ جس کی قیمت ۵/۱۲ کے برابر ہوتی ہے
اور جس پر پانچ نُقطے اس ترتیب سے بنے ہوتے ہیں کہ ایک ایک چاروں
کونوں پر اور ایک بیچ میں ؛ پانچ چیزوں کی ایسی ترتیب٬مثلاً پانچ
درختوں کی ایک مربع یا مستطیل میں ایسی ترتیب کہ ہر کونے پر ایک
درخت ہو اور ایک درخت بیچ میں ہو ؛ پنج پتّی شکل ؛ پنج پتّی ترتیب ۔
(نباتیات) ایک کھپریل کی طرح کی پانچ پنکھڑیوں یا پتّیوں کی ترتیب
جس میں دو داخلی ، دو خارجی اور ایک جزوی داخلی اور جزوی
خارجی صورت میں ہوتی ہے ۔

quingon, n. روٹی کا بڑا ٹکڑا ۔

quinidine, n. (کیمیا ، علمِ ادویہ) کونیڈین ؛ ایک شفّاف
قلمی القلی جو کونین سے ہم ترکیب ہوتی ہے اور جو سنکونا کے بعض
درختوں کی چھال میں پائی جاتی ہے اور تیزاب کی شکل میں دل کی
حرکت کو متوازن کرنے کے لیے اور ملیریا کے علاج میں استعمال کی
جاتی ہے ۔

quinine, quinina, quinin, n. کونین ؛ ایک تُرش قلمی القلی جو
مختلف قسم کے سنکونا درختوں کی چھال سے حاصل کی جاتی ہے اور
نمک کی شکل میں ملیریا کے علاج کے لِیے استعمال کی جاتی ہے ؛
اس القلی کا نمک یا سلفیٹ ۔

quinine water, n. کونین پانی ؛ کاربونک تیزاب یا گیس سے
بھرا ہوا پانی جس میں تھوڑی سی کونین اور لیموں کی خوشبو ذائقے
کے لیے ملا دی جاتی ہے ۔

quinoa, n. کوئنوآ ؛ ایک بُوٹی Chenopodium quinoa ؛
یہ کوہ انڈیز میں بوئی جاتی ہے اور اس کے بیج کھائے جاتے ہیں ۔

quinoidine, n. (کیمیا) کوئینوڈین ؛ ایک بادامی سیاہ رنگ کا
رال نُما مادہ جس میں القلی کا مرکّب ہوتا ہے جو کونین بناتے ہوئے ضمنی
پیداوار کے طور پر حاصل ہوتا ہے اور کونین کے سستے بدل کے طور پر
استعمال کیا جاتا ہے ۔

quinoline, n. (کیمیا) ایک بے رنگ رقیق شے جس کی بُو
تیز ہوتی ہے جیسے تارکول کی بُو اور یہ انیلین اور گلیسرین میں
آکسیجن ملا کر بنتی ہے اور رنگوں کے بنانے میں بطور محلول اور
بگڑنے سے محفوظ رکھنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے ۔

quinone, n. (کیمیا) کوئنون ؛ ایک زرد رنگ والا قَلمی مُرکّب ،
جو انیلین کے آکسیجن میں ملانے سے بنتا ہے اور عکّاسی اور چرم
سازی میں کام آتا ہے ؛ اسی طرح کے کسی مرکب کا نام ۔

quinonoid, quinoid, a. (کیمیا) کوئنون نُما ؛ کوئنون (quinone)
کی طرح کا(مرکب)؛ ایسے مرکب کے متعلق ۔

Quinquagesima, Quinquagesima Sunday, Shrove Sunday, n. لینٹ
(Lent) شروع ہونے سے قبل کا اتوار جو تقریباً ایسٹر سے پچاس دن پہلے
پڑتا ہے (ایسٹر سے پہلے چالیس دن کا زمانہ جس میں سوائے اتوار کے
ہر روز مجاہدۂ نفس کیا جاتا ہے ، لینٹ (Lent) کہلاتا ہے) ۔

quinquefoliate, quinquefoliolate, a. (نباتیات) پنج پتیّا ؛
پانچ پتیوں والا ۔

quinquennial, a. پنج سالہ ؛
پانچ سال کا عرصہ ؛ سنینِ خمسہ ۔ (اسم) ہر پانچ سال کے توقف سے واقع
ہونے والا یا پانچ سال تک جاری رہنے والا ۔

quinquennially, adv. ہر پانچ سال بعد ۔

quinquennium, quinquenniad, n. پانچ سال کا عرصہ ؛
پنج برسی ؛ پنج سالہ ۔

quinquevalent, a. (کیمیا) پنج گرفتہ ؛ پانچ گرفت کی طاقت والا ؛
پانچ ممکنہ گرفتوں کی طاقتیں رکھنے والا ؛ پنج گرفتی ۔

quinquevalence, n. پنج گرفتگی ؛ پانچ گرفتیں ۔

quinsy, n. (امراضیات) خُناق ؛ گلے کا ایک مرض ؛
گلے کے غدود کا ورم خاص طور پر ایسی سوجن جس میں پیپ بھی
ہو ۔

quint, n. (تاش) ایک رنگ کے پانچ مسلسل پتے جیسے
پیکٹ (piquet) کھیل میں خمسۂ متداولہ ؛ پچ کڑی جو ۳۲ پتّوں سے
کھیلا جاتا ہے ۔ (موسیقی) پنجم ، پانچواں ٹھیکہ ؛ باجے میں سُر کا ٹھہراؤ
جو معمول سے ۱/۵ زیادہ ہوتا ہے ۔ (بول چال) پنج گُنی ؛ پانچ چیزوں
کا ایک میل ؛ پنج توامی ؛ پانچ ہم جنم بچّوں میں سے ایک ۔

quintain, n. [ایک سڑک یا چوڑا راستہ
کسی احاطہ میں جو عوام کے لیے کُھلا ہو اور جس جگہ ورزشوں کی
مشقیں ہوتی ہوں] کونٹین ؛ قرونِ وسطیٰ میں نیزہ بازی کا ایک کھیل
جس میں کسی شکل یا نشانے کو نیزے سے چھیدتے تھے جو ایک ستون
سے بندھی ہوئی ترسول میں لٹکتا رہتا تھا ؛ ایسے نشانے کو نیزے سے
چھیدنے کے کھیل کا نام ۔

quintal, n. کونٹل ؛ اعشاری نظام میں ۱۰۰ کلوگرام
کا وزن ؛ ایک ہنڈرڈویٹ ۔

quinte, n. (تیغ بازی) تلوار کا پانچواں ہاتھ ؛
پانچویں چوٹ ؛ پانچواں داؤں ؛ پانچواں توڑ ؛ وار کی آٹھ روکوں کے
سلسلے میں پانچویں روک ۔

quintessence, n. سَت ؛ جوہر ؛ عَرق ؛ رَس ؛ لُبِّ لباب ، خلاصہ ؛
زُبدہ ؛ عصارۃ ؛ کسی چیز کا جوہر جو اس چیز کے انتہائی اہم حصے سے
نکالا گیا ہو ؛ کسی چیز کی کامل تجسیم ۔ (قدیم فلسفہ) عُنصر
خامسہ ؛ مظہرِ اتم ؛ ایتھر جس سے خیال کیا جاتا تھا کہ تمام اجسامِ
فلکی بنے ہیں اور جو ہر چیز میں موجود ہے ۔

quintessential, a. جوہر ساں ؛ ایتھری ؛ آکاشی ؛ فلکی ؛
برگزیدہ ؛ مُنتخب ؛ چیدہ ۔

quintessentially, adv. جوہری طور پر ۔

quintet, quintette, n. (موسیقی) پنج آہنگ ، پنج ساز ، مخمس اللحن ؛
پنج سنگت ؛ پانچ آوازوں یا سازوں کے لیے کوئی راگ ؛ پانچ گانے والوں
کا طائفہ ؛ پانچ چیزوں یا اشخاص کا مجموعہ یا گروہ ۔

quintile, a. (نجوم) دو اجسامِ فلکی کا مشاہدہ جبکہ
وہ منطقۃُ البروج کا پانچواں حصّہ ہوں یا ایک دوسرے سے ۷۲ درجے کی

دوری پر ہوں ۔ (اسم ، نجوم) تخمیس (سیّارات) ؛ ایک اس طرح کا فلکیاتی مطالعہ ۔ (شماریات) مشاہداتی نتائج یا نمونوں کی پانچ مساوی گروہوں میں تقسیم ؛ نمونے کا پانچواں حصہ ۔

quintillion, n., a. دس سنکھ ؛ امریکا اور فرانس میں ایک عدد جو ایک پر اٹھارہ صِفر لگا کر ظاہر کیا جائے ؛ برطانیہ اور جرمنی میں ایک عدد جو ایک پر تیس صِفر لگا کر ظاہر کیا جائے ۔

quintillionth, a., n. دس سنکھواں ۔

quintuple, a. پانچ حصّوں میں تقسیم شُدہ یا پانچ پانچ کی ترتیب سے تقسیم شدہ ؛ پانچ گنا زیادہ بڑا ۔ (اسم) خماسی ؛ پنج گُنا پانچ گُنا ؛ ایک عدد جو دوسرے سے پانچ گُنا زیادہ بڑا ہو ۔ (فعل متعدی و لازم) پانچ گُنا کرنا یا پنج گُنا ہو جانا ۔

quintuplet, quint, n. توامِ خمسہ ؛ ایک قسم کی پانچ چیزوں کا مجموعہ ؛ پانچ بچوں میں سے ایک جو ایک ساتھ پیدا ہوئے ہوں ؛ توامِ پنجگانی ۔

quintuplicate, a. پنج نقلہ ؛ پنج نسخہ ؛ نسخۂ پنجم ؛ پانچویں نقل ؛ ایک ہی چیز جو پانچ دفعہ دکھائی گئی ہو یا دہرائی گئی ہو ۔ (اسم) پانچ یکساں چیزوں میں سے کوئی ایک ۔ (فعل متعدی) ایک ہی چیز کا پانچ دفعہ دکھانا یا دہرانا ۔

quip, n. طعنہ ؛ طنزیہ فقرہ ؛ آوازہ ؛ ذُومعنی فقرہ ؛ ایک چُست طنزیہ جُملہ یا پُرمعنی فقرہ جو کسی پر چُست کیا جائے ؛ ایک تیز فی البدیہ طنز ؛ زبانی چوٹ ؛ ضلع جُگت ، پھبتی ۔ (فعل لازم) ایسا طنزیہ فقرہ کہنا یا بنانا یا کسنا یا جمانا یا چست کرنا ۔

quippish, a. طنزیہ ۔

quipster, n. طنّاز ؛ فقرے چُست کرنے والا ؛ پھبتی باز ؛ جُگت باز ۔

quipu, n. خط گرہ ؛ ملک پیرو کا قدیم طریقہ جو بجائے تحریر کے کام میں لایا جاتا تھا یعنی مختلف رنگوں کے ڈوروں میں گرہ دے کر اظہار مطلب کے لیے ، واقعات کو یاد رکھنے ، حساب کے لیے ایک رسّی سے باندھ دیتے تھے اور بطور اشارات استعمال کرتے تھے ۔ (سالگرہ کے ناڑے/کلاوے میں بھی ہر سال گرہ لگا کر عمر کا حساب رکھا جاتا ہے) ۔

quire, n. اوراق کاغذ ؛ کاغذ کا دستہ ؛ جزوہ ؛ ۲۴ یا ۲۵ تختوں کا مجموعہ یا گڈّی جو سائز اور وزن میں برابر ہوں ؛ چووَرقہ جس میں آٹھ صفحے ہوں ؛ رِم کا بیسواں حصہ ؛ کسی کتاب کے چھپے ہوئے غیر مجلد مگر باترتیب اوراق کا مجموعہ ۔

quirk, n. فقرہ بازی ، پھبتی ، طعن ، چوٹ ؛ طنز ؛ جگت ؛ پرواز خیال ؛ ایک عجیب خصوصیت یا انداز و طرزِ عمل جس میں کوئی چالاکی مُضمر ہو ؛ سُخن سازی ؛ لفظوں کا ہیر پھیر ؛ معمّا ؛ بات کا پلٹنا ؛ لفظوں کا پیچ و خم ؛ اُستادی ؛ ایسی تحریر جس میں حروف کے دائرے خوبصورت بنا کر لکھے گئے ہوں ۔ (فن تعمیر) وہ کھوکھلی جگہ یا جِھری جو عمارت ، کنگوروں میں یا ان کے درمیان ہوتی ہے ۔

quirkily, adv. چالاکی سے ۔

quirkiness, n. چالاکی ۔

quirky, a. چالاک ؛ سخن ساز ، فقرہ باز ، پھبتی باز ۔

quirt, n. چابُک ؛ ایک قسم کا چابک/کوڑا (سوار کے لیے) جو ایک مضبوط چھوٹی لکڑی کے دستے اور چمڑے کے گُندھے ہوئے تسموں سے بنایا جاتا ہے ۔

quisling, n. [ناروے کے ایک سیاستدان Vidkun Quisling کے نام پر] کوئز لنگ ۔ (مجازاً) ایسا شخص جو اندر سے اپنے مُلک کو کمزور کرتا ہو ؛ دُشمن کا جاسوس ؛ غدار ۔

quislingism, n. اپنے وطن کے خلاف جاسُوسی کرنے کا عمل ۔

quit, v.t., v.i. چھوڑ دینا ؛ دستبردار ہو جانا ؛ کنارہ کش ہونا ؛ چلا جانا ؛ رخصت ہونا ؛ روانہ ہو جانا ؛ کسی چیز یا بات سے ہاتھ اُٹھا لینا ؛ کسی چیز سے پیچھا چھڑانا ؛ کسی چیز کو جو قبضہ میں ہو ، چھوڑ دینا ؛ کسی فعل کو ترک کر دینا ؛ ملازمت چھوڑ دینا ؛ چل دینا ؛ کسی کوشش کو ترک کر دینا ؛ شکست تسلیم کر لینا ۔ (صفت) قرض ، جرمانے یا احسان سے چھٹکارا حاصل کر لینے والا ؛ نجات یافتہ ؛ آزاد ؛ مبرّا ؛ بری الذّمہ ۔ (اسم) چُھٹکارا حاصل کرنے کا عمل ۔

quitch, quitch grass, guack grass, couch grass, n. گھاس ؛ دوب ؛ ایک قسم کی بیکار سی خودروگھاس جو بڑی جلدی مضبوطی سے بڑھ جاتی ہے ۔

quitclaim, n. (قانون) حق سے دستبرداری ؛ ترکِ دعویٰ ۔ (فعل متعدی) کسی حق یا قبضے سے دستبردار ہو جانا ۔

quite, adv. بالکل ؛ کُلیۃً ؛ سراسر ؛ یقیناً ؛ پورے معنوں میں ؛ ضرور ؛ کاملاً (جیسے : not quite done) ؛ واقعی حقیقتاً ؛ کافی حد تک یا درجے تک ؛ بہت(جیسے : quite warm) ۔

quitrent, n. زرِ استثنیٰ ؛ بدلِ خدمت ؛ پگڑی ؛ مقررّہ زرِ استثنیٰ جو معافی دار یا کاشتکار (کسی جاگیر یا زمین کا) خدمت سے مستثنیٰ کیے جانے کے عوض یک مُشت ادا کرے ۔

quits, a. برابر ؛ مساوی ؛ برابر برابر ؛ معاملہ صاف ، خواہ ادائیگی سے یا بدلے سے ۔

call it quits, یہ اقرار کرنا کہ معاملہ ختم ہو گیا ۔

quittance, n. فارغ خطی ؛ تلافیٔ مافات ؛ قرض یا احسان سے سبکدوشی ؛ ایک تحریری اقرار نامہ جس میں کسی ذمہ داری سے فارغ خطی کی تصدیق ہو ؛ جزا ؛ معاوضہ ؛ ہرجانہ ؛ چُھٹکارا ؛ نجات ۔

quitter, n. چُھٹکارا پانے والا ؛ چھوڑ دینے والا ؛ نامساعد حالات میں دستبردار ہونے والا ۔

quittor, n. (بیطاری امراضیات) کسی کُھر والے جانور یا گھوڑے کے ایک کُھر پر ناسُور ؛ شقاق ۔

quiver, n. تَرکش ؛ تیردان ؛ جعبہ ؛ تیروں کا مجموعہ ؛ تیروں کا تھیلا ۔

quiver, v.i. ہِلنا ، تھرتھرانا ، کانپنا ؛ لرزنا ؛ تھوڑی سی تھرتھری کو ظاہر کرنا ۔ (اسم) لرزہ ؛ لرزش ؛ کپکپاہٹ ؛ تھرتھراہٹ ؛ کپکپی ۔

quixotic, quixotical, a. [نسبت Don Quixote کی طرف جو مشہور ناول نگار Cervantes کی رومانی داستان کا نیم پاگل مصلح اور ہیرو ہے اور قدیم زمانے میں جوانمردی کا مظاہرہ کرنے والے جانبازوں کی مضحک نقل ہے] منصوبہ ساز ؛ بلند پرواز ؛ درج بالا کردار سے مشابہ یا اس کردار کی طرح ؛ بڑے بڑے مگر ناقابل عمل منصوبے بنانے والا ؛ موہوم پسند ؛ اونچی اڑان کرنے والا ؛ من چلا ؛ خوجی ؛ شیخ چلّی ؛ خیالی پلاؤ پکانے والا ۔

quixotically, adv. خوجی/شیخ چلّی کے انداز میں ۔

quixotism, n. جوانمردی ؛ خوجی پن ۔

quiz, n. [یہ لفظ ڈبلن تماشا خانے کی مینجر ڈیلی (Daly) نے وضع کیا تھا صرف لوگوں کو متوجہ کرنے کے لیے ، اس نے لفظ کو ڈبلن کی تمام دیواروں پر لگا دیا] ایک سوالیہ یا امتحانی انداز ؛ مضحک صورت ؛ طلبہ کا ایک غیر رسمی مختصر امتحان ؛ ایک فریب ؛ مذاق ؛ ایک سنکی یا نرالا آدمی ؛ طرفہ تماشا ؛ عجب چیز ۔ (فعل متعدّی) طالب علم کا سوالات کر کے امتحان لینا ؛ پے در پے سوال کرنا (جیسے : to quiz the vagrant) ؛ آوارہ گرد سے سوال کرنا ۔ (برطانوی) ہنسی اُڑانا ؛ مسخرہ بازی کرنا ؛ ٹھٹھول کرنا ؛ ٹھٹھے بازی کرنا ۔

quizzer, n. سوال کرنے والا ؛ ٹھٹھول کرنے والا ۔

quizzical, a. مزاحیہ یا نرالا ؛ انوکھا ؛ طُرفہ ؛ پریشان یا سوالیہ انداز میں ؛ تمسخر انگیز ؛ پریشان کُن ؛ مُضحک ۔

quizzicality, n. مضحکہ ؛ تمسخر ؛ ٹھٹھول

quizzically, adv. مذاق یا ہنسی اُڑاتے ہوئے ۔

quod, quad, n. (quadrangle کا مرّخم) (برطانوی ، عوامی) ایک قید خانہ ۔

quodlibet, n. [جو آپ چاہیں ؛ آپ کی جیسی مرضی] (موسیقی) ایک انوکھا بہت سے اُتار چڑھاؤ والا (لہروں والے) دو یا دو سے زیادہ سُروں کا مجموعہ ۔ (تاریخ) ایک عِلمی یا دینی سوال جو دلیل میں استعمال کے لیے تجویز کیا جائے یا ایسے سوال پر سنجیدہ بحث ۔

quoin, coign, coigne, n. (عمارت کا) کونیا ؛ کونا پتھر ؛ زاویۂ بیرونی ؛ کنارہ ؛ فانہ ؛ دوشاخہ ؛ میخ ؛ ایک دیوار کا یا اسی طرح کی کسی چیز کا پورا بیرونی زاویہ ؛ وہ پتھر جو زاویہ بناتا ہو ؛ کونے کا پتھر ، لکڑی کا دو شاخہ یا دو طرفہ وی (v) نُما پتھر یا کوئی دوسری چیز ۔ (طباعت) چھاپے کے ٹائپ کو چوکھٹے میں بند کرنے کے لیے ایک کھٹکا یا فانہ (لکڑی یا کسی دھات کا) ۔ (فعل متعدی) دو شاخہ یا فانہ لگا کر جمانا یا دو طرفہ پتھر لگا کر کھڑا کرنا جیسے دیوار کا کونا ؛ محفوظ کرنا یا ٹیکن لگا کر اونچا کرنا ۔

quoit, n. چکّی ؛ نشانہ باز کے لیے لوہے کا چکّر ؛ ایک چپٹا چوڑا کیا ہوا لوہے کا حلقہ یا ایک بھاری رسے کا چھلا جو کھیل میں پھینکا اور ایک مقررہ کھونٹی میں پہنایا جاتا ہے ۔ (جمع لیکن ترکیب میں واحد) ایسے چھلوں سے کھیلا گیا کھیل ۔ (فعل متعدی) چھلاّ پھینکنا ۔

quondam, a. پہلے ؛ گُزشتہ زمانے میں ؛ بیتے دنوں میں ؛ کبھی ؛ وہ جو پہلے ایک خاص نوعیّت رکھتا تھا (جیسے : a quondam friend) ۔

Quonset hut, n. مدوّر سائبان ؛ ایک پُختہ ، دیرپا ، کارآمد ، پہلے سے تیّار ، دھات کا سائبان یا جھونپڑا جو نیم مدوّر شکل کا ہو ۔ (تجارتی نشان) ۔

quorum, n. کورم ؛ کسی مجلس یا انجمن وغیرہ کی وہ تعداد جن کی موجودگی جلسے کی کارروائی کو جائز اور موثر قرار دینے کے لیے ضروری ہو ؛ عام طور پر اکثریت ؛ ایک منتخب گروہ ۔

quota, n. حصہ رسدی ؛ ایک مقررہ مقدار کا متناسب جزو یا حصہ ؛ حصہ رسد جس کو کوئی فرد واحد یا کوئی جماعت ادا کرنے پر مجبور یا پانے کی مستحق ہو ؛ وہ مقدار یا تعداد جو ایسے حصے کو ظاہر کرے ؛ کوٹا ۔

quotable, a. قابلِ اقتباس ؛ حوالے کے لیے موزوں ، جو حوالے کے طور پر بیان کرنے کے قابل اور مناسب ہو ؛ قابل حوالہ ؛ حوالہ پذیر ۔

quotability, n. قابلیت اقتباس یا حوالہ ؛ حوالے کے طور پر بیان کرنے کے لیے موزونیّت ؛ حوالہ پذیری ۔

quotation, n. اقتباس ؛ حوالہ ؛ فِقرہ یا عبارت کا وہ ٹُکڑا جس کا حوالہ دیا گیا ہو یا جس کو نقل کیا گیا ہو ۔ (تجارت) شرح ؛ نرخ ؛ بھاؤ ؛ کسی جِنس ، حصص یا سامانِ تجارت کی مروجہ قیمتوں کی فہرست یا اعلان یا اس کی اشاعت ۔

quotation mark, n. واوین ؛ علامتِ اقتباس ؛ واوین جو منقولہ جُملے یا قول کے شروع اور آخر میں لگاتے ہیں ۔

quote, v.t. حوالہ دینا ؛ کسی مصنف یا مقرر کے الفاظ کو دُہرانا یا نقل کرنا ؛ اِستناد یا تشریح کے لیے دُہرانا یا حوالہ دینا ؛ کسی مصنف یا کتاب سے اقتباس کرنا یا اس کا حوالہ دینا ؛ علامت اقتباس سے محصور کرنا ۔ (تجارت) نرخ بتانا ، جیسے کسی چیز کی قیمت یا کسی خدمت کی اُجرت بتانا ؛ سامان تجارت ، حصّص یا تمسکات کی مروّجہ قیمتیں بتانا ۔ (فعل لازم) حوالے بنانا ۔ (اسم) (بول چال) حوالے کے نشانات ؛ فقرۂ منقولہ ؛ اقتباس ؛ حوالہ ۔

quoth, v.t. (قدیم) کہا : (وہ ، میں یا کبھی کبھی ہم) ، اسم اور ضمیر واحد غائب یا واحد متکلّم کے ساتھ اور ہمیشہ فاعل سے پہلے آتا ہے ۔

quotha, interj. فی الحقیقت ؛ بلاشُبہ ؛ لغوی معنی : وہ بولا ؛ سچ ؟ کیا واقعی ؟ کسی قول کو حقارتاً دُہراتے یا نقل کرتے ہوئے اس لفظ کو طنزاً استعمال کرتے ہیں ۔

quotidian, a. یومیہ ؛ روزانہ ؛ جو بات ہر روز واقعہ ہو یا اپنے کو دہرائے ؛ عام ؛ مشترک ؛ پامال ؛ پیش پا اُفتادہ ۔ (اسم) روزمرہ کی بات ؛ ایک بخار جس میں تشنّج کے دورے روز پڑتے ہوں ؛ تپ مواظبہ ۔

quotient, n. (ریاضی) حاصلِ قسمت ؛ خارجِ قسمت ، جو ایک رقم کو دوسری رقم سے یا ایک عدد کو دوسرے عدد سے تقسیم کرنے کے بعد حاصل ہو اور بتائے کہ کم رقم زیادہ رقم میں سے کتنی مرتبہ جاتی ہے ۔

quo warranto, n. (قانون) طلبِ سند ؛ قدیم زمانے میں انگلستان میں ایک عدالتی حکمنامہ جس میں کسی شخص سے یہ پوچھا جاتا تھا کہ وہ کس سند یا پروانۂ جواز کی رُو سے اپنے منصب ، حقوق ، حق رائے دہی اور مراعات سے استفادہ کرتا ہے ؛ آجکل انگلستان اور امریکا میں ایک قانونی کارروائی جو اس مقصد کے لیے کی جاتی ہے ۔